# سالانہ رپورٹ

## مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور

(برائے سال 2001ء-2002ء)

© rasailojaraid.com

مرتب:

محمود عالم میاں

© rasailojaraid.com

© rasailojarai
© rasailojarai
© rasailojarai

# اشاریہ (INDEX)


| تفصیل | صفحہ |
|---|---|
| ○ پیش لفظ | 3 |
| ○ سال2001-2002ءکی سرگرمیوں کا اجمالی جائزہ | 7 |
| ○ شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ | |
| ○ اکیڈمک ونگ | 13 |
| ● شعبہ تصنیف و تالیف | |
| ● شعبہ انگریزی | |
| ● شعبہ کمپیوٹر کمپوزنگ وطباعت | |
| ● قرآن اکیڈمی لائبریری | |
| ● ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس | |
| ● دیگر عربی کورسز | |
| ○ شعبہ خواتین | 22 |
| ○ مکتبہ | 24 |
| ○ شعبہ خط وکتابت کورسز | 26 |
| ○ شعبہ سمع وبصر | 30 |
| ○ قرآن کالج | 34 |
| ● نئے داخلے | |
| ● اسلامک جنرل نالج ورکشاپ | |
| ● ماہانہ اور بورڈ کے امتحانات | |


© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

● ہم نصابی سرگرمیاں
● تفریحی ومطالعاتی دورہ
● رجسٹریشن ولاہور بورڈ سے الحاق
● اساتذہ کرام کے لئے تربیتی پروگرام

| | |
|---|---|
| 38 | ○ کالج ہاسٹل |
| 43 | ○ صدر مؤسس کا ہفتہ وار درس قرآن |
| 44 | ○ دورۂ ترجمۃ القرآن و جامع القرآن |
| 45 | ○ ایڈمن |
| 45 | ○ اکاؤنٹس اور ریکنسیلیشن |
| 46 | ○ بیلنس شیٹ اور مالی گوشوارہ |
| | ○ منسلک انجمنوں کی کارکردگی کا جائزہ |
| 50 | ● انجمن خدام القرآن سندھ' کراچی |
| 63 | ● انجمن خدام القرآن' ملتان |
| 67 | ● انجمن خدام القرآن' فیصل آباد |
| 69 | ● انجمن خدام القرآن' سرگودھا |
| 71 | ● انجمن خدام القرآن' جھنگ |
| 73 | ● انجمن خدام القرآن' اسلام آباد |
| 74 | ● انجمن خدام القرآن' سرحد' پشاور |


© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# پیش لفظ

الحمدللہ اس سال پھر مجھے مرکزی انجمن کی سالانہ رپورٹ مرتب کرنے کی سعادت حاصل ہو رہی ہے۔ جس وقت یہ رپورٹ آپ کی خدمت میں پیش کی جائے گی تو ان شاء اللہ مرکزی انجمن کے 30 ویں سالانہ اجلاس کے لئے جمع ہو چکے ہوں گے۔ میں آپ کو اس اجلاس میں خوش آمدید کہتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا کرے آمین!

© rasailojaraid.c

تحریکوں اور تنظیموں کی زندگی میں سالانہ اجلاس اور اجتماعات کا ایک مقصد یہ ہوتا ہے کہ اب تک کی کارگزاری اور مساعی کا جائزہ لیا جائے اور کوتاہیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے آئندہ کے لئے لائحہ عمل مرتب کیا جائے۔ مرکزی انجمن کی تاسیس 1972ء میں ہوئی تھی۔ اس دوران ملکی اور بین الاقوامی معاملات میں بہت اتار چڑھاؤ آتے رہے ہیں، لیکن اب 11 ستمبر 2001ء کے واقعات کے بعد تو حالات یکسر بدل چکے ہیں۔ عالم کفر جس کا سرغنہ اس وقت امریکہ ہے اور جس کی ڈور یہودیوں کے ہاتھ میں ہے، اب کھل کر عالمِ اسلام کے مقابلے میں آ چکا ہے۔ وہ یہودیوں اور اسرائیل کے مفادات کے تحفظ کے لئے مسلمان ملکوں کی فوجی قوت کو ایک ایک کر کے ختم کر دینا چاہتا ہے۔ ہمارے موجودہ پاکستانی حکمران بھی امریکہ کی خواہش کے عین مطابق ملک کو تیزی کے ساتھ سیکولرزم کی طرف لے جا رہے ہیں۔ ان حالات میں ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم بحیثیتِ قوم خلوصِ دل کے ساتھ توبہ کریں تاکہ اللہ تعالیٰ کے دامنِ رحمت میں پناہ لے سکیں۔ گزشتہ کوتاہیوں کی تلافی کے طور پر اس کام یعنی دعوت رجوع الی القرآن کو بہت شدومد اور نئے جوش و جذبہ کے ساتھ تیز کرنے کی

© rasailojaraid.c

● ہم نصابی سرگرمیاں
● تفریحی و مطالعاتی دورہ
● رجسٹریشن و لاہور بورڈ سے الحاق
● اساتذہ کرام کے لئے تربیتی پروگرام
38 ○ کالج ہاسٹل
43 ○ صدر مؤسس کا ہفتہ وار درس قرآن
44 ○ دورۂ ترجمۃ القرآن و جامع القرآن
45 ○ ایڈمن
45 ○ اکاؤنٹس اور کیش سیکشن
46 ○ بیلنس شیٹ اور مالی گوشوارہ
○ منسلک انجمنوں کی کارکردگی کا جائزہ
50 ● انجمن خدام القرآن سندھ' کراچی
63 ● انجمن خدام القرآن' ملتان
67 ● انجمن خدام القرآن' فیصل آباد
69 ● انجمن خدام القرآن' سرگودھا
71 ● انجمن خدام القرآن' جھنگ
73 ● انجمن خدام القرآن' اسلام آباد
74 ● انجمن خدام القرآن' سرحد' پشاور

© rasailojaraid.c

© rasailojaraid.c

کوشش کریں۔ وہ لوگ جو پہلے صرف مالی انفاق پر ہی اکتفا کرتے رہے، اب سنجیدگی سے سوچیں کہ وہ اپنی ذہنی اور جسمانی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید اس کام میں کیسے ممد و معاون ہو سکتے ہیں۔

مرکزی انجمن تو گزشتہ تیس برس سے یہ کام کر رہی ہے اور اب اس کی کوکھ سے مزید سات انجمنیں برآمد ہو چکی ہیں جو اسی نہج پر دعوت قرآنی کا کام کر رہی ہیں۔ چنانچہ لاہور ہی کی طرز پر کراچی، ملتان اور فیصل آباد میں بھی قرآن اکیڈمیز قائم ہو چکی ہیں۔ ذرائع ابلاغ میں اب اتنی جدت اور تیزی آ چکی ہے کہ دنیا ایک گلوبل ویلج کا منظر پیش کر رہی ہے اور دنیا کا کوئی ملک اب الگ تھلگ ہو کر رہنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔ اللہ کے فضل و کرم سے ہم بھی اس جدت سے پورا پورا فائدہ اٹھانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انٹرنیٹ کا بھرپور استعمال کیا جا رہا ہے۔ صدر مؤسس کے خطبات و تقاریر ہزاروں کی تعداد میں لوگ انٹرنیٹ پر سنتے ہیں۔ انٹرنیٹ پر صدر مؤسس کا مکمل دورۂ ترجمہ قرآن، منتخب نصاب بزبان اردو اور منتخب نصاب بزبان انگریزی سماعت کے لئے موجود ہے۔ صدر مؤسس کی کئی انگریزی تصانیف بھی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ کیبل اور سیٹلائٹ سے بھی استفادہ کی بھرپور کوشش کی جا رہی ہے۔ دورۂ ترجمہ قرآن کی ویڈیو ریکارڈنگ کو پچھلے دو سال سے سیٹلائٹ پر دیکھا جا رہا ہے۔ اسی طرح بہت سی کیبل کمپنیاں بھی اس پروگرام کو روزانہ چلا رہی ہیں۔ منتخب نصاب کو بذریعہ سیٹلائٹ نشر کرنے کے لئے الحمد للہ مئی 2002ء سے ہر اتوار قرآن آڈیٹوریم میں اس کی براڈ کاسٹ کوالٹی پر ریکارڈنگ شروع کر دی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اپنی تائید اور نصرت ہمارے شامل حال کرے اور ہماری مساعی کو شرف قبولیت بخشے۔ آمین!

موجودہ رپورٹ میں 2002-2001ء کے دوران مرکزی انجمن کے تمام شعبہ جات کی کارکردگی پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ علاوہ ازیں ارکان انجمن کی موجودہ تعداد اور مالیات سے متعلق آڈٹ شدہ گوشوارے بھی حسب سابق اس رپورٹ میں شامل کئے گئے ہیں۔ منسلک انجمنوں کی مختصر کارکردگی بھی درج کی گئی ہے۔ ایسے حضرات جو

© rasailojaraid.com

مختصر وقت اور ایک نظر میں سب کچھ جان لینا چاہتے ہیں ان کے لئے 2001-2002ء کی سرگرمیوں کا ایک اجمالی خاکہ بھی علیحدہ درج کر دیا گیا ہے۔

انجمن کی نئی ہیئت انتظامیہ کی تشکیل 95-1994ء میں کی گئی تھی' اب اس نئے دستور کے مطابق اللہ کے فضل و کرم سے تمام معاملات سرانجام پا رہے ہیں۔ مجلس عاملہ کا اجلاس ہر ماہ اور شوریٰ کا اجلاس ہر تین ماہ بعد منعقد ہوتا ہے۔ اس سال مجلس شوریٰ کے چار اور مجلس عاملہ کے دس اجلاس منعقد ہوئے جن میں سے ایک اجلاس خصوصی نوعیت کا تھا۔ یاد رہے کہ قواعد کی رُو سے جس ماہ شوریٰ کا اجلاس منعقد ہوتا ہے اس ماہ عاملہ کا اجلاس منعقد کرنا ضروری نہیں ہے۔

سال 2001-2002ء کے دوران مختلف شعبہ جات کی کارکردگی کا اجمالی خاکہ اور تفاصیل آئندہ صفحات میں درج کر دی گئی ہیں' لیکن اختتام سے پہلے میں چاہتا ہوں کہ ان تمام حضرات کا تہہ دل سے شکریہ ادا کروں جو اس تحریک رجوع الی القرآن کے فروغ اور اس کی نشر و اشاعت میں کسی درجہ میں بھی مددگار ثابت ہوئے۔

اس میں سرِ فہرست تو تحریک کے روحِ رواں محترم صدر مؤسس ڈاکٹر اسرار احمد صاحب ہی ہیں جنہوں نے یہ پودا لگایا اور اب ان کی دن رات کی محنت شاقہ اور اللہ تعالیٰ کے شرفِ قبولیت کے باعث یہ ایک تناور درخت کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ اسی طرح مرکزی انجمن کے ناظم اعلیٰ جناب قمر سعید قریشی صاحب بھی شکریہ کے مستحق ہیں جن کی اب ہمہ وقتی خدمات مرکزی انجمن کو حاصل ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان اصحاب کو بھرپور اجر عطا فرمائے۔

رحمٰن سرفراز اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کا بھی میں تہہ دل سے ممنون و مشکور ہوں کہ وہ شروع ہی سے نہ صرف یہ کہ انجمن کے حسابات کا آڈٹ خالصتاً اعزازی طور پر کر رہے ہیں بلکہ وہ ہمارے تمام ٹیکس کے معاملات کو بھی بہت خوش دلی سے deal کر رہے ہیں۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں اس کا بھرپور اجر عطا فرمائے' آمین۔

علاوہ ازیں مجلس شوریٰ کے معزز اراکین اور مجلس عاملہ کے محترم ناظمین بھی

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

شکریہ کے مستحق ہیں کہ وہ اپنا وقت اور توانائیاں اس تحریک رجوع الی القرآن کے لئے صرف کرر ہے ہیں۔ تمام اراکین انجمن اور ایسے تمام حضرات جو انجمن کے لئے مالی انفاق کرتے ہیں اور جنہوں نے خصوصی پراجیکٹس کے لئے دل کھول کر رقوم فراہم کیں، دلی شکریہ کے مستحق ہیں۔ وہ تمام ملازمین انجمن بھی شکریہ کے مستحق ہیں جو اپنی ذمہ داریاں گہرے احساس فرض کے ساتھ ادا کرر ہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ان سب کو بہترین اجر سے نوازے اور ہم سب کو مزید خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

محمود عالم میاں

مدیر عمومی

یکم نومبر 02ء

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# مرکزی انجمن کی کارکردگی کا اجمالی جائزہ

## (سال 2001ء-2002ء)

ایسے احباب کے لئے جو تفصیلی رپورٹ پڑھنے کے لئے وقت کے شاکی ہیں یا میلان طبع نہیں رکھتے اس رپورٹ کا ایک اجمالی خاکہ پیش خدمت ہے۔

### انجمن کے اراکین

سال 2001ء-2002ء کے دوران مرکزی انجمن خدام القرآن کے اراکین میں اضافوں کے بعد اب یہ تعداد بالترتیب حلقہ محسنین 404' حلقہ مستقل ارکان 187 اور حلقہ عام ارکان 453 ہے۔

### اکیڈمک ونگ

☆ مرکزی انجمن خدام القرآن کے سب سے اہم شعبہ اکیڈمک ونگ کے زیر اہتمام سال 2001ء۔2002ء کے دوران 16 کتابوں کے نئے ایڈیشن ضروری نظر ثانی کے بعد شائع کئے گئے۔ اس کے علاوہ رمضان المبارک میں دعوتی مقاصد کے پیش نظر دو کتابوں (i) قرآن حکیم اور ہماری ذمہ داریاں اور (ii) مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق کے خصوصی ایڈیشن شائع کئے گئے۔ ماہنامہ میثاق' ماہنامہ حکمت قرآن اور ہفت روزہ ندائے خلافت کی اشاعت باقاعدگی سے جاری رہی۔ اس دفعہ کی خاص بات ندائے خلافت کی سو صفحات پر مشتمل خصوصی اشاعت ''فلسطین نمبر'' تھی۔ جسے بفضلہٖ تعالیٰ اندرون ملک اور بیرون ملک بہت پذیرائی حاصل ہوئی۔

کتب و جرائد کے علاوہ ہینڈ بلز' اخباری و غیر اخباری اشتہارات' پوسٹرز اور سٹیشنری کی طباعت کے ضمن میں کمپیوٹر کمپوزنگ اور کاپی پیسٹنگ کا کام قرآن اکیڈمی میں انجام پاتا ہے' جبکہ طباعت کا تمام کام بازار سے کرایا جاتا ہے۔ متعلقہ امور کی

© rasailojaraid.com

انجام دہی کے لئے شعبہ اکیڈمک ونگ کے پاس مستند سٹاف کے علاوہ 5 کمپیوٹر' 2 لیزر پرنٹر اور ایک سکینر موجود ہے' جن کے ذریعے اردو' عربی اور انگریزی کمپوزنگ سمیت طباعت کا تمام کام سرانجام دیا جاتا ہے۔

☆ اکیڈمک ونگ کے شعبہ انگریزی نے اس سال تین انگریزی کتب کو از سرنو مرتب کر کے شائع کیا۔ انگریزی کتاب Obligations to God پریس بھیج دی گئی ہے۔ تین انگریزی کتب کی از سرنو تسوید و ترتیب کا کام جاری ہے۔ علاوہ ازیں یہ شعبہ روزمرہ کے معمول کے کام' جن میں E-mail کی وصولی اور ترسیل اور انگریزی مضامین کی کمپوزنگ اور ایڈیٹنگ وغیرہ شامل ہیں' بھی سرانجام دے رہا ہے۔

☆ قرآن اکیڈمی لائبریری میں دوران سال 135 کتب کا اضافہ ہوا۔ ان میں سے 7 کتب بازار سے خریدی گئیں جبکہ 128 کتب عطیہ میں آئیں۔ اس طرح 30 جون 02ء کو کتب کی کل تعداد 7963 ہوگئی۔ لائبریری میں سے دوران سال 834 کتب کا اجراء ہوا جبکہ قارئین کی ایک کثیر تعداد لائبریری میں بیٹھ کر مطالعہ کرتی ہے۔ اس وقت ارکان کی تعداد 45 ہے۔ لائبریری میں روزانہ 7 اردو اور 5 انگریزی اخبارات خریدے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ دوران سال ہفتہ وار' ماہانہ اور سہ ماہی شائع ہونے والے رسائل اور جرائد مجموعی طور پر قریباً 1660 کی تعداد میں موصول ہوئے۔

☆ ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس' جس کا دورانیہ اب گھٹا کر نو ماہ کر دیا گیا ہے' کا اصل مقصد یہ ہے کہ ایسے حضرات کو جو بی اے اور ایم اے تک دنیوی تعلیم حاصل کر چکے ہوں ان بنیادی علوم سے مسلح کر دیا جائے جو قرآن حکیم کو سمجھ کر پڑھنے اور فہم دین کے حصول کے لئے ضروری ہوں۔ اس کورس میں عربی زبان کے بنیادی قواعد' تجوید کے بنیادی قواعد' قرآن حکیم کا منتخب نصاب' علم حدیث اور علم فقہ کے اصول اور مبادیات کی تدریس کی جاتی ہے۔ یہ کورس یکم ستمبر سے 30 مئی تک منعقد ہوتا ہے۔ سال 2002-2001ء کے دوران اس کورس میں مرد شرکاء کی تعداد 20 اور

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

خواتین کی تعداد 4 تھی۔ اس سال مرد شرکاء میں سے تین افراد امریکہ سے اس کورس میں شمولیت کے لئے آئے تھے۔

## شعبہ خواتین

حسب معمول اس سال بھی گرمیوں کی چھٹیوں میں حلقہ خواتین کے زیر اہتمام ہفتہ وار تربیتی کورس کا اہتمام کیا گیا۔ اس دفعہ اس کورس میں 40 طالبات نے شرکت کی' جن میں سے 30 نے پروگرام مکمل کر کے اسناد حاصل کیں۔ اس کورس کے مضامین میں منتخب نصاب' حدیث' تجوید' عربی گرامر' عربی بول چال' انگریزی بول چال اور ارکانِ اسلام شامل تھے۔ قرآن اکیڈمی میں ہر انگریزی مہینے کے پہلے ہفتہ کو خواتین کا ماہانہ اجتماع منعقد ہوتا رہا جس میں اوسطاً 100 سے زائد خواتین شرکت کرتی رہیں۔ اس کے علاوہ ترجمہ قرآن اور تجوید کی کلاسز بھی منعقد کی جاتی رہیں۔

© rasailojaraid.com

## مکتبہ انجمن

مرکزی انجمن کی دعوت رجوع الی القرآن کا مرکز مکتبہ ہے۔ دوران سال مکتبہ نے کتب' جرائد اور ویڈیو/ آڈیو کیسٹس کی فروخت اور ترسیل کا کام عمدگی سے جاری رکھا۔ ماہنامہ میثاق' حکمت قرآن اور ہفت روزہ ندائے خلافت کی بروقت ترسیل کو یقینی بنایا گیا۔ مرکزی انجمن اور تنظیم اسلامی کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے اجتماعات میں انجمن کی کتب' کیسٹس اور CDs کے سٹالز لگانے کی ذمہ داری بھی مکتبہ ہی کے ذمہ ہے۔ کچھ عرصہ سے جمعہ کے روز مسجد دارالسلام میں سٹال لگانے کی ذمہ داری بھی مکتبہ کے سپرد کر دی گئی ہے۔ اب ''مکتبہ انجمن'' ایکسپورٹر کے طور پر رجسٹرڈ ہے لہٰذا بیرون ملک سے آنے والے آرڈرز کی تکمیل بخیر و خوبی ہو رہی ہے۔ اس سال -/828767 روپے کی کتب' -/1393475 روپے کی کیسٹس/ CDs اور -/1137543 روپے کے جرائد فروخت ہوئے۔ اس طرح مکتبہ کے تحت کل فروخت -/3359695 روپے ہے جو گزشتہ سال کی فروخت سے چھ لاکھ روپے

© rasailojaraid.com

زیادہ ہے۔

## شعبہ خط و کتابت کورسز

مرکزی انجمن نے ایسے خواتین و حضرات کے لئے جو قرآن اکیڈمی یا قرآن کالج میں حاضر ہونے سے قاصر ہیں شعبہ خط و کتابت کورسز قائم کر رکھا ہے۔ اس شعبہ نے اب تک پانچ کورسز پیش کئے ہیں **(1)** قرآن حکیم کی فکری و عملی راہنمائی **(2)** ابتدائی عربی گرامر (حصہ اول) **(3)** ابتدائی عربی گرامر (حصہ دوم) **(4)** ابتدائی عربی گرامر (حصہ سوم) **(5)** ترجمہ قرآن کریم کورس۔

الحمدللہ لوگوں نے ان کورسز کو بہت پسند کیا ہے اور شرکاء کی تعداد میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ اول الذکر کورس کے شرکاء کی تعداد اب تک **3471** ہے۔ عربی گرامر کورس کے شرکاء کی تعداد بالترتیب **2135**، **289** اور **133** تک پہنچ چکی ہے۔ ترجمہ قرآن کریم کورس میں اب تک کے شرکاء کی تعداد **954** ہے۔ دوران سال ان کورسز کو مکمل کرنے والوں کی تعداد بالترتیب **14**، **32**، **17**، **07** اور **21** رہی۔

## شعبہ سمع و بصر

مرکزی انجمن کے شعبہ سمع و بصر نے سال **2002 - 2001**ء کے دوران محترم صدر مؤسس کے خطاباتِ جمعہ، دروس اور دیگر پروگرامز اور تقاریر کی ریکارڈنگ کی اور اس طرح مکتبہ کو ضرورت کے مطابق آڈیو، ویڈیو کیسٹس اور سی ڈیز فراہم کیں۔

اس سال مزید مختلف موضوعات پر سی ڈیز اور ویڈیو سی ڈی تیار کی گئیں، جن میں قابل ذکر مندرجہ ذیل ہیں:

**(i)** منہج انقلاب نبویؐ سی ڈی

**(ii)** منتخب نصاب (انگریزی) سی ڈی

**(iii)** حقیقت دین وایمان سی ڈی

**(iv)** دورۂ ترجمہ قرآن **VCD**

© rasailojaraid.com

محترم صدر مؤسس کے خطبات جمعہ پر مشتمل چار سی ڈیز تیار کی جا چکی ہیں جبکہ ہر سی ڈی میں 40 خطباتِ جمعہ کو یکجا کیا گیا ہے۔ پانچویں سی ڈی پر کام جاری ہے۔ اس کے علاوہ انٹرنیٹ پر صدر مؤسس کا مکمل دورۂ ترجمۂ قرآن، منتخب نصاب اردو اور منتخب نصاب انگریزی تمام کا تمام سماعت کے لئے دستیاب ہے۔ دورۂ ترجمہ قرآن 2001ء تقریباً سات گھنٹے تاخیر کے ساتھ باقاعدگی سے پورے رمضان Upload کیا گیا جس کو پوری دنیا میں بڑے شوق سے سنا گیا۔ قرآن آڈیٹوریم میں ہونے والے منتخب نصاب کے درس کو سیٹلائٹ کے ذریعے نشر کرنے کے لئے اس کی براڈ کاسٹ کوالٹی ریکارڈنگ کی جا رہی ہے۔

© rasailojaraid.com

## قرآن کالج

قرآن کالج میں دوران سال ایف۔ اے، آئی کام، ایف اے جنرل سائنس اور آئی سی ایس کی کلاسوں میں 74 طلبہ نے داخلہ لیا۔ بی۔ اے سال اول میں اس دفعہ 11 طلبہ نے داخلہ لیا۔ حسب معمول میٹرک کے امتحانات سے فارغ طلبہ کے لئے اسلامک جنرل نالج ورکشاپ کا بھی اہتمام کیا گیا جس میں شرکاء کی تعداد 24 رہی۔ اچھی کارکردگی دکھانے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ دوران سال طلبہ کی تدریسی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیاں بھی جاری رہیں۔ اس دفعہ کی خصوصی بات اساتذہ کرام کے لئے تربیتی پروگرام تھا جو ماہ جون میں منعقد کیا گیا۔ یہ 20 روزہ پروگرام تھا جس میں روزانہ دورانیہ 3 گھنٹے ہوتا تھا۔ اس سال طلبہ کے تفریحی و مطالعاتی ٹور کے لئے کلر کہار کے مقام کا انتخاب کیا گیا۔ اس میں قریباً 65 طلبہ نے حصہ لیا۔ علاوہ ازیں طلبہ کے لئے ہفتہ وار درس قرآن کا انعقاد بھی کیا گیا۔ اس دفعہ بورڈ کے امتحانات میں کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ کا تناسب 56% رہا۔ کالج کے پاس اس وقت بہترین کمپیوٹر لیب موجود ہے۔ کالج کی لائبریری میں اس وقت 2270 کتب ہیں۔ دوران سال 178 کتابوں کا اضافہ ہوا۔ قرآن

© rasailojaraid.com

کالج کے طلبہ کے لئے ایک بہترین ہاسٹل موجود ہے' جس میں رہائش کی عمدہ سہولتیں مہیا کی گئی ہیں۔ یہاں پر تعلیمی سرگرمیوں کے علاوہ کھیلوں پر بھی توجہ دی جاتی ہے۔قرآن کالج ہاسٹل ہونے کے ناطے یہاں پر طلبہ کی اخلاقی' دینی' ذہنی تربیت اور نشوونما کی طرف خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔

## شعبہ ایڈمن

مرکزی انجمن کے شعبہ ایڈمن نے اپنے روزمرہ کے معاملات' جن میں سٹاف کی نگرانی' ماہوار تنخواہوں کی بروقت تیاری' آفس آرڈرز/نوٹس اور میموز کا اجراء اور دوسرے تمام انتظامی [illegible] کے' خوش اسلوبی سے سرانجام دیئے۔ حسب ضرورت سرکاری وغیر سرکاری دفاتر سے رابطے بھی جاری رہے۔ مرکزی انجمن کے شعبہ اکاؤنٹس وکیش نے اپنے مختصر عملہ کے باوجود اپنی جملہ ذمہ داریاں نہایت عمدگی سے ادا کیں۔

© rasailojaraid.com

## جامع القرآن میں دورۂ ترجمۂ قرآن

جامع القرآن قرآن اکیڈمی میں اس مرتبہ دورۂ ترجمہ قرآن کی ذمہ داری جناب صدر مؤسس ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے ادا کی۔ خواتین وحضرات کی ایک بڑی تعداد نے اس پروگرام میں بہت ذوق وشوق کے ساتھ شرکت کی۔ قرآن آڈیٹوریم میں جناب صدر مؤسس کا ہفتہ وار درس قرآن جاری ہے۔ مئی **2002**ء سے منتخب نصاب کو بذریعہ سیٹلائٹ براڈ کاسٹ کوالٹی پر ریکارڈ کرنے کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے تاکہ قرآنی دعوت کو لوگوں کی ایک بہت بڑی تعداد تک پہنچایا جاسکے۔ اس پروگرام میں قریباً ہر اتوار **700** کے لگ بھگ لوگ بشمول خواتین شرکت کر رہے ہیں۔

© rasailojaraid.com

# شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ

## اکیڈمک ونگ

قرآن اکیڈمی کے اکیڈمک ونگ کے تحت اس وقت مندرجہ ذیل شعبے کام کر رہے ہیں :

i) شعبہ تصنیف و تالیف اور ترتیب و تسوید
ii) شعبہ انگریزی
iii) شعبہ کتابت و طباعت (بشمول کمپیوٹر کمپوزنگ)
iv) قرآن اکیڈمی لائبریری
v) ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس
vi) عربی کورسز کا انعقاد

### (1) شعبہ تصنیف و تالیف اور ترتیب و تسوید

مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے زیر اہتمام شائع ہونے والے اردو جرائد (ماہنامہ میثاق، ماہنامہ حکمت قرآن اور ہفت روزہ ندائے خلافت) کے جملہ ادارتی امور، مثلاً مضامین کی تالیف اور Editing، محترم صدر مؤسس کے دروس و خطابات کو ٹیپ سے صفحۂ قرطاس پر منتقل کر کے انہیں مرتب کرنا، مرکزی انجمن اور تنظیم اسلامی کے اہم پروگراموں کی رپورٹنگ اور مضامین کی پروف ریڈنگ وغیرہ جیسے امور اس شعبہ کی ذمہ داری ہیں۔ چنانچہ یہ شعبہ ہر ماہ دو ماہانہ جرائد (میثاق اور حکمت قرآن) اور ہفت روزہ ندائے خلافت کے چار شمارے شائع کرنے کا اہتمام کرتا ہے۔

مزید برآں یہ شعبہ مرکزی انجمن کی جملہ کتب (نئی یا پرانی) کی اشاعت کی تیاری

© rasailojaraid.com

اور ان کی اشاعت کا بھی ذمہ دار ہے۔ چنانچہ نئی کتابوں کو مرتب (edit) کرنا' پرانی کتابوں میں سے جس کے بارے میں ضرورت محسوس ہو اس پر نظر ثانی کرتے ہوئے اسے ازسرنو مرتب کر کے نئی کمپوزنگ کرانا اور نئے ایڈیشنز کی اشاعت سے پہلے ان کی اغلاط کی تصحیح کرانا اسی شعبے کی ذمہ داری ہے۔

2001-2002ء کے دوران اس شعبے کی کارکردگی کا مختصر سا جائزہ درج ذیل ہے۔

## ☆ رسائل و جرائد

**میثاق** : جولائی 2001ء تا جون 2002ء کے دوران ماہنامہ میثاق کے 9 شمارے شائع ہوئے۔ جن میں اگست/ستمبر 2001ء' نومبر/دسمبر 2001ء اور مارچ/اپریل 2002ء کے مشترکہ شمارے شائع کیے گئے۔ اگست/ستمبر 2001ء کا شمارہ "مسئلہ کشمیر اور پاک بھارت تعلقات" کے موضوع پر خصوصی اشاعت پر مشتمل تھا۔

**حکمت قرآن** : حکمت قرآن کے 9 شمارے شائع ہوئے' جن میں جولائی/اگست 2001ء کا مشترکہ شمارہ معمول سے دگنے صفحات میں خصوصی اشاعت پر مشتمل تھا۔ جبکہ نومبر/دسمبر 2001ء اور اپریل/مئی 2002ء کے مشترکہ شمارے شائع کیے گئے۔

**ندائے خلافت** : ہفت روزہ ندائے خلافت کی اشاعت میں باقاعدگی رہی۔ صرف عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کے باعث دو شمارے شائع نہ ہو سکے۔ تاہم اگلی اشاعتوں میں صفحات میں اضافے کے ذریعے ان تعطیلات کا ازالہ کرنے کی سعی کی گئی۔

اس سال کے دوران 20 تا 26 جون کا ندائے خلافت چھ شماروں کی ضخامت کے برابر تقریباً سو صفحات کے "فلسطین نمبر" پر مشتمل تھا' جسے بفضلہٖ تعالیٰ نہ صرف اندرونِ ملک بلکہ بیرون ملک بھی خاصی پذیرائی حاصل ہوئی اور علمی و ادبی حلقوں نے شعبہ کی اس کاوش کو خصوصیات کے ساتھ سراہا۔

## ☆ اشاعت کتب

ا) دوران سال مندرجہ ذیل کتابوں کے نئے ایڈیشن شائع کیے گئے جن میں حسب

© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.c

ضرورت نظر ثانی کا کام بھی کیا گیا۔

1۔ دعوت رجوع الی القرآن کا منظر و پس منظر
2۔ تعارف تنظیم اسلامی
3۔ آسان عربی گرامر (حصہ اول)
4۔ قرآن حکیم اور ہماری ذمہ داریاں
5۔ راہ نجات (خاص و عام ایڈیشن)
6۔ دنیا کی عظیم ترین نعمت: قرآن حکیم
7۔ نبی اکرم ﷺ کا مقصد بعثت
8۔ امت مسلمہ کے لئے سہ نکاتی لائحہ عمل
9۔ خطبہ نکاح (ایک اصلاحی تحریک)
10۔ بیعت کی اہمیت
11۔ جہاد فی سبیل اللہ
12۔ خواتین کی دینی ذمہ داریاں
13۔ مطالعہ قرآن حکیم کا منتخب نصاب
14۔ اسلام میں عورت کا مقام
15۔ نبی اکرم ﷺ سے ہمارے تعلق کی بنیادیں
16۔ فہرست کتب 2002ء

© rasailojaraid.c

ب) رمضان المبارک کے دوران مرکزی انجمن خدام القرآن کے دعوتی مقاصد کی غرض سے درج ذیل دو کتابچوں کے خصوصی ایڈیشن شائع کرنے کا اہتمام کیا گیا۔

1۔ قرآن حکیم اور ہماری ذمہ داریاں
2۔ مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق

ج) الہدیٰ کیسٹ سیریز درس 2 تا 10 کے کتابچے رنگین ٹائٹل اور نئے گیٹ اپ کے ساتھ شائع کیئے گئے۔

## (2) شعبہ انگریزی

1۔ روزانہ e-mail وصول کر کے شعبہ جات کو تقسیم کی جاتی ہے۔ نیز شعبہ جات سے وصول ہونے والی تحریروں یا جوابات کا انگریزی میں ترجمہ کر کے e-mail کی ترسیل کا کام روزانہ سرانجام دیا جاتا ہے۔

2۔ ندائے خلافت میں اشاعت کے لئے مختلف اخبارات میں شائع ہونے والے یا دوسرے ذرائع سے حاصل شدہ مضامین کی کمپوزنگ اور ایڈیٹنگ شعبہ انگریزی ہی میں ہوتی ہے۔

© rasailojaraid.c

3۔ اس سال درج ذیل انگریزی کتب کو از سرِ نو مرتب کر کے شائع کیا گیا:

*(i) MUHAMMAD (SAW): The Objective of His Appointment*

*(ii) Islamic Renaissance*

*(iii)Baiyah*

4- انگریزی کتاب Obligations to God پریس میں بھیج دی گئی ہے۔

5۔ درج ذیل انگریزی کتب

*(i) Calling People unto Allah*

*(ii) Rise & Decline of Muslim Ummah*

*(iii) Women's Obligations to God*

کی از سرِ نو تسوید و ترتیب کا کام جاری ہے۔

6۔ ہر ہفتے عابد اللہ جان صاحب کا انگریزی مضمون e-mail کے ذریعے وصول کر کے ندائے خلافت کے لئے تیار کیا جاتا رہا۔

7۔ رعنا ہاشم خان صاحبہ کا اردو مضمون e-mail سے وصول کر کے ندائے خلافت کے منتظمین کے حوالے کرنے کا کام بھی یہی شعبہ سرانجام دیتا رہا۔

## (3) شعبہ کمپوزنگ و طباعت

1- مرکزی انجمن کے زیر اہتمام شائع ہونے والے چاروں جرائد' جملہ کتب' ہینڈ بلز' اخباری اشتہارات' پوسٹرز' سرکلرز' آفس سٹیشنری کی تیاری اور طباعت کا انتظام یہی شعبہ سرانجام دیتا ہے۔ اس ضمن میں کمپیوٹر کمپوزنگ اور کاپی پیسٹنگ وغیرہ کا کام یہی شعبہ سرانجام دیتا ہے جبکہ طباعت کا کام بازار سے کرایا جاتا ہے۔ مرکزی انجمن کے مختلف شعبہ جات کے خطوط' دفتری سرکلرز اور آفس آرڈرز وغیرہ کی کمپوزنگ کے علاوہ بعض منسلک انجمنوں' تنظیم اسلامی اور تحریک خلافت سے متعلق بیشتر طباعتی مواد کی تیاری اور طباعت کا انتظام یہی شعبہ کرتا ہے۔ ان تمام امور کی انجام دہی کے لئے شعبہ کے پاس تجربہ کار اور مستعد سٹاف موجود ہے۔ شعبہ کے پاس 5 کمپیوٹر' 2 لیزر پرنٹر اور ایک سکینر موجود ہے جن کے ذریعے اردو' عربی اور انگریزی کمپوزنگ سمیت طباعت کا

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

تمام کام سرانجام دیا جاتا ہے۔

**2۔** ندائے خلافت' میثاق اور حکمت قرآن کو انٹرنیٹ پر اپ لوڈ کرنے کے لئے ان جرائد کے مواد کی متعلقہ شعبہ کو فراہمی کا کام بھی اسی سیکشن کی اہم ذمہ داری ہے' جو بحمد اللہ بخوبی سرانجام دیا جاتا ہے۔

## (4) قرآن اکیڈمی لائبریری

قرآن اکیڈمی لائبریری کو مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کی مرکزی لائبریری کی حیثیت حاصل ہے۔ یہ اکیڈمی کے بیسمنٹ میں قائم ہے۔ سال 02-2001ء کے دوران لائبریری کے اہم امور حسب ذیل ہیں:

### ☆ کتب کی کل تعداد

© rasailojaraid.

یکم جولائی 01ء کو لائبریری میں اندراج شدہ کتب کی تعداد 7828 تھی۔ دوران سال 135 کتب کا اضافہ ہوا۔ ان میں سے 7 کتب 2505 روپے میں خریدی گئیں جبکہ 128 کتب عطیہ میں آئیں۔ اس طرح 30 جون 02ء کو کتب کی کل تعداد 7963 ہوگئی۔ سب سے اہم عطیہ 30 جلدوں پر مشتمل ''انسائیکلوپیڈیا آف برٹانیکا'' ہے جو جناب ڈاکٹر عبدالسمیع کی طرف سے ملا۔ بازار میں اس کی قیمت -/30,000 روپے ہے۔

### ☆ درجہ بندی اور کیٹلاگنگ:

دوران سال درجہ بندی اور کیٹلاگنگ کا کام بھی جاری رہا' تقریباً 200 کتب کو اس مرحلے سے گزارا گیا۔ چنانچہ اب لائبریری میں 5500 کتابیں ایسی ہیں جن کی درجہ بندی اور کیٹلاگنگ کی جا چکی ہے۔ اس سلسلے میں مزید کتب پر کام جاری ہے۔

### ☆ اجراء کتب:

دوران سال 168 افراد کو 834 کتب جاری کی گئیں۔ مزید برآں' ایک کثیر

© rasailojaraid.

تعداد نے لائبریری میں بیٹھ کر مختلف کتابوں سے استفادہ کیا۔

## ☆ اراکین لائبریری:

سال کے شروع میں اراکین کی کل تعداد 43 تھی۔ دوران سال 5 نئے اراکین نے رکنیت حاصل کی جبکہ ایک سالہ کورس مکمل کرنے والے تین ممبران نے ممبرشپ ختم کروائی۔ یوں اس وقت اراکین لائبریری کی کل تعداد 45 ہے۔

## ☆ رسائل وجرائد:

دوران سال لائبریری میں 515 اداروں سے مختلف نوعیت کے رسائل وجرائد موصول ہوئے۔ ہفت روزہ' ماہنامہ' سہ ماہی' ششماہی اور سالانہ بنیادوں پر شائع ہونے والے [illegible] جرائد حکمت قرآن' میثاق اور ندائے خلافت کے تبادلے میں آتے ہیں۔ نیز ان جرائد کی جلد بندی کے کام اور ریکارڈ کی ترتیب کے ضمن میں اس سال کے دوران سال 1999ء تک کے جرائد کی جلد بندی کا کام مکمل ہو چکا ہے' جبکہ باقی سالوں کے جرائد کی جلد بندی کے لئے منصوبہ بندی کا کام ساتھ ساتھ ہو رہا ہے۔

اس سال باقاعدگی سے آنے والے اردو/انگلش رسائل کی تعداد 85' جبکہ 55 کی آمد بے قاعدہ رہی۔ 13 رسائل مکمل طور پر بند ہو گئے۔ لائبریری میں پورے سال کے دوران کل 1660 رسائل موصول ہوئے۔

## ☆ اخبارات:

لائبریری کے لئے سات اردو اور پانچ انگریزی اخبارات خریدے جاتے ہیں۔ اردو روزناموں میں ''نوائے وقت' جنگ' خبریں' پاکستان' انصاف' دن اور الاسلام شامل ہیں' جبکہ انگریزی اخبارات میں ڈان' نیشن' نیوز' فرنٹیئر پوسٹ اور سٹیٹس مین شامل ہیں۔ ان اخبارات کا ریکارڈ ایک سال کے لئے رکھا جاتا ہے۔ سال مکمل ہونے کے بعد پہلے چھ ماہ کے اخبارات فروخت کر دیئے جاتے ہیں جبکہ آخری چھ ماہ کا ریکارڈ محفوظ کر لیا جاتا ہے۔ اس سال بھی اسی ترتیب کے مطابق ریکارڈ مرتب کیا گیا ہے۔

© rasailojaraid.c

لائبریری میں روزانہ تقریباً ایک سو کے قریب افراد اخبارات اور رسائل و جرائد کا مطالعہ کرتے ہیں۔

☆ اخباری تراشوں کی فائلنگ:

صدر مؤسس کے اخباری بیانات' مضامین' انٹرویوز' خطابات اور خطاباتِ جمعہ کے پریس ریلیز، رنگین صفحات پر صدر مؤسس کے خصوصی مضامین' مختلف مواقع پر بیانات اور اشتہارات کے علاوہ دیگر اہم مضامین' خبریں' کالم' مسئلہ کشمیر' فلسطین' اسلامی تحریکوں کے رہنماؤں کے اہم بیانات' تنظیم اسلامی پاکستان اور تحریک خلافت پاکستان کے خصوصی پروگراموں کی خبروں کو تراش کر تمام ریکارڈ محفوظ کرنے کا کام بھی اس لائبریری میں سرانجام دیا جاتا ہے۔

© rasailojaraid.

## (5) ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس

ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس' جس کا دورانیہ اب گھٹا کر نو ماہ کر دیا گیا ہے' کا اصل مقصد یہ ہے کہ ایسے حضرات کو جو بی اے اور ایم اے تک دنیوی تعلیم حاصل کر چکے ہوں' ان بنیادی علوم سے مسلح کر دیا جائے جو قرآن حکیم کو سمجھ کر پڑھنے اور فہم دین کے حصول کے لئے ضروری ہوں۔ گویا نو ماہ کے عرصے میں طلبہ کو (i) اتنی عربی پڑھا دی جائے کہ عربی زبان کے بنیادی قواعد پر انہیں بہت حد تک عبور حاصل ہو جائے تاکہ پھر کچھ مزید اضافی محنت اور وقت لگا کر وہ یہ استعداد حاصل کر لیں کہ قرآن کی تلاوت کرتے ہوئے اس کا مفہوم بھی انہیں ساتھ ساتھ سمجھ میں آتا چلا جائے اور قرآن حکیم سے ہدایت و نصیحت اخذ کرنے کے لئے انہیں کسی ترجمے کا مرہون منت نہ ہونا پڑے۔ (ii) تجوید کے بنیادی قواعد سکھا کر اتنی مشق کرا دی جائے کہ وہ قرآن کو صحیح طور پر پڑھ سکیں۔ (iii) قرآن حکیم کے منتخب نصاب کے مطالعے اور تدریس کے ذریعے دین کا صحیح اور جامع تصور واضح انداز میں پیش کیا جائے تاکہ طلبہ پر یہ واضح ہو جائے کہ ہمارا دین کیا ہے' وہ ہم سے کیا چاہتا ہے اور یہ کہ دینی ذمہ داریوں کو ادا کرنے کی عملی صورت

© rasailojaraid.

اس کورس کو 23 شرکاء نے مکمل کیا۔ اس طرز پر ایک کورس اپریل تا جون 2002ء جاری رہا جس کو 15 شرکاء نے مکمل کیا۔

☆ دوسرا عربی گرامر کورس اپریل تا ستمبر منعقد کیا گیا جس میں عربی گرامر بذریعہ عربی ریڈر دروس اللغۃ العربیہ حصہ دوم پڑھائی گئی اور ڈاکٹر صاحب کے کتابچہ ''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد بعثت'' کا مطالعہ کیا گیا۔ اس کورس کو 15 افراد نے مکمل کیا۔

© rasailojaraid

© rasailojaraid

© rasailojaraid

# شعبہ خواتین کی سرگرمیاں

## حلقہ خواتین کا دینی تربیتی کورس

حسبِ معمول اس سال بھی گرمیوں کی چھٹیوں میں حلقہ خواتین کے زیرِ اہتمام دینی تربیتی کورس کا اہتمام کیا گیا۔ اس کورس کا آغاز 95ء میں کیا گیا تھا اور اس وقت سے ہر سال باقاعدگی سے یہ پروگرام منعقد ہو رہا ہے اور اس میں شرکاء کی تعداد 70 تک رہی ہے۔ اس سال کورس کا دورانیہ 17 جون تا 31 جولائی تھا اور اس میں 40 طالبات شریک ہوئیں جس میں سے 30 نے پروگرام مکمل کر کے اسناد حاصل کیں۔ کورس میں شامل مضامین میں منتخب نصاب' حدیث' تجوید' عربی گرامر' عربی بول چال' انگریزی بول چال اور ارکان اسلام تھے۔ اس کے علاوہ فرسٹ ایڈ کی اضافی تدریس بھی شامل تھی۔ اس کورس کے لئے عربی کی معلّمہ خصوصی طور پر اسلام آباد سے بلوائی گئی تھیں۔ تمام اساتذہ نے نہایت خلوص اور لگن کے ساتھ کورس مکمل کرایا۔ دورانِ کورس مختلف و مفید موضوعات پر دروس کا اہتمام بھی کیا گیا۔ دورانِ کورس خاص بات جو بطور نتیجہ سامنے آئی وہ ستر و حجاب کے حوالے سے طالبات میں قابلِ قدر تبدیلیاں تھیں' یعنی کچھ طالبات نے شرعی پردہ اور کچھ نے حجاب اوڑھنا شروع کر دیا اور رسومات اور بدعات سے پرہیز کرنے کا عہد کیا۔ ارکان اسلام کے حوالہ سے بھی پروگرام بہت مفید رہا اور بہت سی غلطیوں کی نشاندہی کی گئی جو بے سوچے سمجھے کی جاتی ہیں۔

مورخہ 31 جولائی کو تقریب تقسیم اسناد کا اہتمام کیا گیا جس میں مہمان خصوصی بیگم ڈاکٹر اسرار احمد تھیں۔ اس موقع پر طالبات نے اپنی آراء کا اظہار کرتے ہوئے بہت سے مفید مشورے دیئے اور کہا کہ ایسے شارٹ کورسز سال بھر جاری رہنے چاہئیں۔ پرتکلف چائے کے ساتھ اس کورس کا اختتام ہوا۔

© rasailojaraid.c

## خواتین کا ماہانہ اجتماع

ہر انگریزی مہینے کے پہلے ہفتہ کو قرآن اکیڈمی میں خواتین کا ماہانہ اجتماع ہوتا ہے' جس میں خواتین کی دینی تربیت اور دینی علم میں اضافہ کی کوشش کی جاتی ہے۔ اسلامی مہینوں میں وقوع پذیر ہونے والے واقعات کی مناسبت سے مختلف موضوعات پر لیکچرز اور گفتگو ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ قرآن حکیم کے منتخب نصاب کا درس اور احادیث بھی بیان کی جاتی ہیں۔ یہ ایک بہت مفید اجتماع ہے جس میں قریباً **100** سے زائد خواتین ہر ماہ شرکت کرتی ہیں۔

## ترجمہ قرآن اور تجوید کی کلاسز

ہر پیر کو ترجمہ قرآن اور ہر جمعرات کو تجوید اور منتخب نصاب کی کلاس ہوتی ہے۔ ان اجتماعات میں بھی خواتین کافی تعداد میں شرکت کر رہی ہیں۔

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

# مکتبہ انجمن

جیسا کہ آپ جانتے ہیں، مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے قیام کا مقصد منبع ایمان اور سرچشمہ یقین، قرآن حکیم کے علم و حکمت کی وسیع پیمانے اور اعلیٰ علمی سطح پر تشہیر و اشاعت ہے۔ اس عظیم مقصد کے تحت شائع ہونے والے کتب و جرائد اور دروس ہائے قرآن پر مشتمل آڈیو/ویڈیو کیسٹس اور CDs کی فروخت و ترسیل کی اہم تر ذمہ داری ''مکتبہ انجمن'' کے سپرد ہے۔ سال گزشتہ میں مکتبہ نے اپنی یہ ذمہ داری بطریق احسن پوری کی۔ ماہنامہ میثاق، حکمت قرآن اور ہفت روزہ ندائے خلافت کی اشاعت کے فوراً بعد ان کے مستقل خریداروں اور ایجنسی ہولڈروں کو ترسیل کو یقینی بنایا گیا۔ کتب و کیسٹس اور CDs کے اندرون و بیرون ملک سے آرڈرز کی فوری تعمیل کی گئی۔ اب الحمدللہ ''مکتبہ انجمن'' ایکسپورٹر کے طور پر رجسٹرڈ ہے لہٰذا بیرون ملک سے آنے والے آرڈرز کی تعمیل میں کوئی دقت نہیں رہی۔ اگرچہ 11 ستمبر 01ء کے واقعہ کے بعد بیرون ملک سے ملنے والے آرڈرز میں کمی ضرور ہوئی ہے، لیکن ایکسپورٹر کے طور پر رجسٹرڈ ہونے کے باعث ہم تمام آرڈرز کو بحسن و خوبی پورا کرنے میں کامیاب رہے ہیں۔

اپنی معمول کی ذمہ داریوں کے علاوہ مکتبہ انجمن نے مختلف پروگرامز میں کتب و کیسٹس کے سٹال لگانے کا بھی اہتمام کیا۔ کچھ عرصہ سے جمعہ کے روز مسجد دارالسلام میں لگائے جانے والے سٹال کی ذمہ داری بھی مکتبہ کے سپرد کر دی گئی ہے۔ مکتبہ نے بہتر گیٹ اپ اور نئی آب و تاب کے ساتھ اس سٹال کا آغاز کیا، جس سے وہاں کتب و کیسٹس کی فروخت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ مکتبہ انجمن کے سٹاف کی انتھک محنت، لگن اور خلوص ہی کا نتیجہ ہے کہ گزشتہ چند برس سے مکتبہ کی مجموعی فروخت میں

© rasailojaraid.com

بتدریج اضافہ ہوا ہے۔ ذیل میں گزشتہ تین برس کی فروخت کا ایک تقابلی جائزہ پیش خدمت ہے:

| | 1999 - 2000ء | 2000 - 2001ء | 2001 - 2002ء |
|---|---|---|---|
| کتب | 6,75,169 | 6,53,000 | 8,28,767 |
| کیسٹس/CDs | 8,69,927 | 11,67,000 | 13,93,475 |
| جرائد | 7,83,812 | 9,20,000 | 11,37,453 |
| میزان | 23,28,908 | 27,40,000 | 33,59,695 |

© rasailojaraid.c

© rasailojaraid.c

# شعبہ خط وکتابت کورسز

## شعبہ کا اجراء

ایسے طلبہ وطالبات اور خواتین وحضرات جو ملک یا لاہور سے باہر ہیں یا جن کے لئے کسی وجہ سے قرآن کالج رقرآن اکیڈمی لاہور میں حاضری ممکن نہیں، ان کے لئے خط وکتابت کورسز ترتیب دیئے گئے ہیں، تا کہ گھر بیٹھے سہولت کے ساتھ اپنے فارغ وقت میں عربی گرامر اور قرآن کی تعلیم حاصل کر سکیں اور درج ذیل کورسز سے استفادہ کر سکیں:

i) قرآن حکیم کی فکری وعملی راہنمائی

ii) ابتدائی عربی گرامر (حصہ اول)

iii) ابتدائی عربی گرامر (حصہ دوم)

iv) ابتدائی گرامر (حصہ سوم)

v) ترجمۂ قرآن کریم کورس

پہلے کورس کا آغاز جنوری 1988ء میں کیا گیا۔ اس کورس کا مقصد خواتین و حضرات اور طلبہ وطالبات کو قرآن حکیم کے مربوط مطالعے کے ذریعے دین کے جامع اور ہمہ گیر تصور سے متعارف کرانا ہے۔ بفضل باری تعالیٰ یہ کورس خوب زور وشور سے جاری ہے اور اس میں حصہ لینے والوں کی تعداد 3471 تک پہنچ چکی ہے۔ بیرون ملک اس کورس کا اجراء سعودی عرب میں جدہ، مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، ریاض، ذہران اور الواسع میں ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ ابوظہبی، دوبئ، شارجہ، راس الخیمہ، انگلینڈ، فرانس، کینیڈا، امریکہ اور ناروے میں بھی کورس سے استفادہ کیا جا رہا ہے۔

دوسرے کورس حصہ اول کا اجراء نومبر 1990ء میں کیا گیا۔ قرآن حکیم کو سمجھ کر پڑھنے کے لئے ابتدائی عربی گرامر کا جاننا ناگزیر ہے۔ اس کورس کا مقصد یہ ہے کہ

© rasailojaraid.com

کورس کے شرکاء کو عربی گرامر کے ابتدائی اصولوں سے اس حد تک متعارف کرا دیا جائے کہ قرآن اور حدیث سے براہ راست استفادے کے لئے انہیں ایک بنیاد حاصل ہو جائے۔ یہ کورس بھی بہت مقبول ہوا اور اس کے شرکاء کی تعداد 2135 تک پہنچ چکی ہے۔ یہ کورس بیرون پاکستان کئی ممالک میں جاری ہو چکا ہے۔

اس کورس کے حصہ دوم کا آغاز بھی اکتوبر 92ء میں کر دیا گیا تھا۔ اس میں طلبہ کی تعداد 289 تک پہنچ چکی ہے۔ جبکہ حصہ سوم کا آغاز مارچ 97ء میں ہوا' اس میں فی الوقت طلبہ کی تعداد 133 ہے۔

## ترجمہ قرآن کریم کورس

1996ء میں شعبہ خط و کتابت کورسز میں ایک نئے کورس بعنوان ''ترجمہ قرآن کریم کورس'' کا اجراء کیا گیا۔ یہ کورس خاص طور پر نوجوانوں کے لئے جاری کیا گیا ہے' یعنی سکول اور کالج کے طلبہ و طالبات جو اردو میں لکھ پڑھ سکتے ہوں۔

آج کل کے مادی دور میں زندگی کا مقصد حصولِ دنیا ہی بنا لیا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تمام بھاگ دوڑ صرف دُنیاوی تعلیم کے حصول کے لئے ہوتی ہے اور یوں نئی نسل اکثر و بیشتر قرآن و سنت اور دینی تعلیمات سے بے بہرہ رہ جاتی ہے۔

نوجوانوں' بچوں اور بچیوں کو ترجمہ قرآن سکھانے کے لئے ایک طریقہ وضع کیا گیا ہے۔ ایسے بچے اور بچیاں اپنے گھر میں مناسب اور فارغ (Convenient) وقت میں دس پندرہ منٹ صرف کر کے قرآن کریم کا ترجمہ سیکھ سکتے ہیں اور تقریباً ڈیڑھ سال کے عرصہ میں اسے مکمل کر کے کم از کم قرآنی تعلیمات اور احکامات سے آگاہی حاصل کر سکتے ہیں۔ کورس کے اختتام پر کامیاب طلبہ و طالبات کو سند جاری کی جاتی ہے۔ کورس کی فیس بہت کم یعنی صرف 150 روپے رکھی گئی ہے۔ فروری 1996ء سے اب تک اس کورس میں 954 طلبہ اور طالبات داخلہ لے چکے ہیں اور 81 طلبہ و طالبات کورس مکمل کر کے سند حاصل کر چکے ہیں۔

© rasailojaraid.com

## ان کورسز کو متعارف کرانے کے لئے اقدام

ناظم شعبہ خط و کتابت کورسز بڑی جانفشانی اور محنت سے ان کورسز کو چلا رہے ہیں
دورانِ سال انہوں نے ان کورسز کو متعارف کرانے کے لئے مسلسل اقدامات کئے۔
روزنامہ جنگ اور پاکستان میں دو دفعہ اشتہار دیئے گئے، حکمت قرآن اور میثاق میں
وقفہ وقفہ سے اشتہارات شائع کئے۔ تنظیم کے امراء اور نقباء کے علاوہ لاہور کی بڑی
بڑی لائبریریوں کے انچارجز کو خطوط لکھے گئے۔ ان کورسز کے اشتہارات پنجاب
یونیورسٹی کے شعبہ جات، ہاسٹلز اور جامع مسجد میں نوٹس بورڈوں پر چسپاں کئے گئے۔
ان کے علاوہ انہوں نے اپنے احباب اور ہم خیال دوستوں کو اس سلسلے میں ذاتی خطوط
بھی تحریر کئے۔ مرکزی انجمن سے منسلک انجمنوں کراچی، ملتان، فیصل آباد اور پشاور کو
بھی ان کورسز سے متعارف کرایا۔ ان کی ان کاوشوں کے نتیجہ میں ان کورسز کے شرکاء کی
تعداد دوران سال مندرجہ ذیل رہی:

## دوران سال داخلہ لینے اور کورسز مکمل کرنے والوں کی تعداد

| | جولائی 00ء تا جون 01ء | جولائی 01ء تا جون 02ء |
|---|---|---|
| **1) قرآن حکیم کی فکری و عملی راہنمائی کورس:** | | |
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 79 | 67 |
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 26 | 14 |
| **2) عربی گرامر کورس (حصہ اول):** | | |
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 111 | 121 |
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 25 | 32 |
| **3) عربی گرامر کورس (حصہ دوم):** | | |
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 26 | 20 |

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

| | | |
|---|---|---|
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 14 | 17 |

**4) عربی گرامر کورس (حصہ سوم):**

| | | |
|---|---|---|
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 16 | 16 |
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 10 | 7 |

**5) ترجمہ قرآن کریم کورس:**

| | | |
|---|---|---|
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 137 | 153 |
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 14 | 21 |

© rasailojaraid.

© rasailojaraid.

آڈیٹوریم میں منہج انقلاب نبوی ﷺ کے موضوع پر لیکچرز دیئے تھے۔ ان لیکچرز کی ویڈیو کو ایک سی ڈی میں جمع کر کے سی ڈی تیار کر لی گئی ہے۔

☆ **خطاباتِ جمعہ 4:** محترم صدر مؤسس کے خطابات جمعہ 1998ء سے انٹرنیٹ پر نشر کئے جا رہے ہیں، جن کی تعداد 180 سے متجاوز ہے۔ MP3 Format میں ایک سی ڈی کے اندر 40 خطابات جمعہ کو یکجا کیا گیا ہے۔ مختلف مگر اہم موضوعات پر مشتمل خطاباتِ جمعہ کی فی الحال تین سی ڈیز تیار کر لی گئیں تھیں جن میں 120 خطابات جمعہ تھے۔ گزشتہ سال کے دوران مزید 40 خطاباتِ جمعہ پر مشتمل والیم 4 ترتیب دیا گیا ہے، جو فروخت کے لئے دستیاب ہیں۔ پانچویں سی ڈی پر کام جاری ہے۔

☆ **منتخب نصاب (انگریزی) سی ڈی:** آپ جانتے ہیں کہ اردو زبان میں منتخب نصاب کو بفضلہٖ تعالیٰ بہت شرف عام حاصل ہوا ہے۔ اس کے آڈیو کیسٹس تو لاکھوں کی تعداد میں پوری دنیا میں پھیل چکے ہیں اور پچھلے دو تین سالوں سے اس کی سی ڈیز بھی ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو چکی ہیں۔ پاکستان میں انگریزی دان طبقہ اور دیگر ممالک میں اس دعوتِ قرآنی کی تبلیغ کے پیشِ نظر محترم صدر مؤسس نے 1994ء میں نیو جرسی، امریکہ کی ایک مسجد میں مطالعہ قرآن مجید کا منتخب نصاب انگریزی زبان میں ریکارڈ کرایا تھا۔ ان تمام دروس کو بھی کمپیوٹر پر اتار کر محفوظ کر لیا گیا ہے، اور تمام ایڈیٹنگ کا کام بھی ہو گیا ہے۔ یہ دروس اب دو سی ڈیز میں اکٹھے کر لئے گئے ہیں۔

☆ **حقیقتِ دین و ایمان سی ڈی:** دو سال قبل پاکستان ٹیلی ویژن پر حقیقتِ دین کے نام سے پروگرام شروع کیا گیا جس میں محترم صدر مؤسس کے سلسلہ وار دروس نشر کئے جاتے رہے۔ یہ سلسلہ تقریباً دس ماہ جاری رہا۔ یہ پروگرام پی ٹی وی، ایس ٹی این اور پی ٹی وی ورلڈ پر دکھایا جاتا رہا۔ یہ پروگرام تقریباً 25 منٹ پر مشتمل ہوتا تھا۔ اس سیریز کے تمام پروگراموں کی آڈیو کو ایک سی ڈی میں یکجا کر کے حقیقتِ دین و ایمان سی ڈی تیار کر لی گئی ہے۔

© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.c

# شعبہ سمع و بصر

## معمول کی سرگرمیاں

گزشتہ سال کے دوران مکتبہ انجمن کو ڈیمانڈ کے مطابق آڈیو ویڈیو کیسٹ اور سی ڈیز فراہم کی گئیں۔ محترم صدرِ مؤسس کے خطاباتِ جمعہ، دروس اور دیگر تقاریر کی ریکارڈنگ کی گئی اور انجمن کے تحت ہونے والے پروگراموں میں ساؤنڈ سسٹم مہیا کیا گیا۔ گزشتہ سال کے دوران درج ذیل کی تعداد میں آڈیو/ویڈیو کیسٹس اور سی ڈیز تیار کر کے مکتبہ کو فروخت کے لیے دی گئیں:

آڈیو کیسٹس: **21605**

ویڈیو کیسٹس: **3450**

سی ڈیز اور ویڈیو سی ڈیز: **10822**

دورۂ ترجمہ قرآن **1998**ء کو بحمد اللہ قبول عام حاصل ہوا ہے۔ اس کی ویڈیو ریکارڈنگ کو پچھلے دو سال سے سیٹلائٹ پر دیکھایا جا رہا ہے۔ اسی طرح کیبل پر بھی بہت سی کمپنیاں اس پروگرام کو روزانہ چلا رہی ہیں۔ اس کے آڈیو و ویڈیو کیسیٹس، سی ڈیز اور وی سی ڈیز بھی بڑی تعداد میں پھیل رہے ہیں۔ اسی طرح ایک رائے یہ آئی کہ منتخب نصاب کو بھی براڈ کاسٹ کوالٹی پر تیار کیا جائے اور اس کو نشر کرنے کا اہتمام کیا جائے۔ اور اسی طرح اس کی آڈیو اور ویڈیو سی ڈیز بھی تیار کی جائیں۔ بحمد اللہ مئی **2002**ء سے اتوار کے روز سے باقاعدہ منتخب نصاب کے دروس کا آغاز ہو گیا اور ساتھ ہی اس کی براڈ کاسٹ کوالٹی ریکارڈنگ بھی۔

## نئی سی ڈیز

☆ منہج انقلاب نبویؐ سی ڈی: محترم صدر مؤسس نے ایک سال قبل قرآن

© rasailojaraid.com

☆ دورۂ ترجمہ قرآن VCD: بحمد اللہ صدر مؤسس کے دورۂ ترجمہ قرآن کو بہت قبول عام حاصل ہوا۔ آڈیو ویڈیو کیسٹس اور سی ڈیز اور انٹرنیٹ کے ذریعے یہ اب دنیا کے کونے کونے میں پھیل چکا ہے۔ تاہم کچھ عرصہ سے اس بات کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے کہ دورۂ ترجمہ قرآن کو ویڈیو سی ڈی پر بھی منتقل کیا جائے اور اس میں قرآن مجید کا متن اور آیت نمبر بھی لکھا ہوا ہو۔ لہٰذا تقریباً آٹھ ماہ کی مسلسل محنت سے یہ پراجیکٹ مکمل کیا جا چکا ہے۔ 108 ویڈیو سی ڈیز پر مشتمل یہ سیٹ تیار ہو کر کافی تعداد میں فروخت کیا جا چکا ہے۔

گزشتہ سال کے دوران بھی بحمد اللہ محترم صدر مؤسس کے خطابات اور منتخب دروس انٹرنیٹ پر تنظیم اسلامی کی ویب سائٹ پر نشر ہوتے رہے۔ اسی طرح نئے مضامین اور پریس ریلیز بھی ویب سائٹ پر آویزاں کئے گئے۔ ای میلز کی روزانہ وصولی اور ان کے جوابات ارسال کئے گئے۔

بحمد اللہ انٹرنیٹ کی سہولت سے محترم صدر مؤسس کے خطبات و تقاریر ہزاروں کی تعداد میں لوگ ہر ہفتہ نا صرف انٹرنیٹ پر سنتے ہیں بلکہ اس کی آڈیو کیسیٹس بنا کر وسیع پیمانے پر تقسیم کرتے ہیں۔ ان خطابات کے علاوہ انٹرنیٹ پر صدر مؤسس کا مکمل دورۂ ترجمہ قرآن' منتخب نصاب اردو اور منتخب نصاب انگریزی تمام کا تمام سماعت کے لئے دستیاب ہے۔ علاوہ ازیں صدر مؤسس کی کئی انگریزی تصانیف بھی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ دیگر حضرات کے اہم مقالہ جات بھی افادہ عام کے لئے سائٹ پر رکھے گئے ہیں۔ مرکزی انجمن و تنظیم اسلامی کے جرائد کے انٹرنیٹ ایڈیشن بھی باقاعدگی سے ویب سائٹ پر اپ لوڈ کئے جاتے رہے۔

☆ دورۂ ترجمہ قرآن 2001 تقریباً سات گھنٹے delay کے ساتھ باقاعدگی سے پورے رمضان upload کیا گیا جس کو پوری دنیا میں بڑے شوق سے سنا گیا۔ امریکہ میں تو ایک صاحب نے اس کو انٹرنیٹ سے اتار کر دو CDs میں محفوظ کیا اور اس

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.c

کو copy کر کے بہت سے لوگوں تک پہنچایا۔

## تکنیکی معاونت

مرکزی انجمن کے کمپیوٹر سے متعلق دیگر شعبہ جات جن میں قرآن کالج لاہور، شعبہ تصنیف و تالیف، شعبہ انگریزی اور مکتبہ شامل ہیں، ان تمام کو شعبہ سمع و بصر کمپیوٹر سے متعلق تمام معاملات جن میں خرابی کی درستگی یا نئے آلات کی خریداری شامل ہیں، میں ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر دونوں لحاظ سے تکنیکی معاونت فراہم کرتا ہے۔

## کوالٹی کنٹرول

گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی شعبہ میں کوالٹی کنٹرول کا خاص خیال رکھا گیا۔ ریکارڈ شدہ کیسٹ کو مختلف جگہوں سے سنا جاتا ہے اور اس کے بعد ان کو ریپر میں سیل کر دیا جاتا ہے تاکہ کیسٹ مٹی، نمی وغیرہ سے متاثر نہ ہو۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# قرآن کالج آف آرٹس اینڈ سائنس

## نئے داخلے

(i) کالج میں ایف اے' آئی کام' ایف اے جنرل سائنس اور آئی سی ایس کے داخلے اگست میں ہوئے۔ ان کلاسوں میں طلبہ کی کل تعداد 74 تھی' جن میں سے آئی سی ایس 33 آئی کام' 24 ایف اے' 14 اور ایف اے جنرل سائنس کے 3 طلبہ داخل ہوئے۔

(ii) بی۔اے سال اول کے داخلے نومبر کے وسط میں مکمل ہوئے۔ اس سال بی۔ اے میں داخل ہونے والے طلبہ کی تعداد 11 تھی۔

© rasailojaraid

## اسلامک جنرل نالج ورکشاپ

حسب سابق اس مرتبہ بھی میٹرک کے امتحانات سے فارغ طلبہ کے لئے دینی معلوماتی' اسلامک جنرل نالج ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔ اس ورکشاپ کا دورانیہ 7 مئی تا 8 جون 2002ء تھا اس میں شریک ہونے والے طلبہ کی تعداد 24 تھی۔ اس ورکشاپ میں پہلی' دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کو ایک خصوصی تقریب میں نقد انعام اور باقی کلاس کو محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی کتب دی گئیں۔ اس تقریب کی صدارت ناظم قرآن کالج محترم حافظ عاکف سعید صاحب نے فرمائی۔

## ماہانہ اور بورڈ کے امتحانات

کالج میں ہر کلاس کے ماہانہ امتحانات باقاعدگی سے منعقد ہوئے۔ ششماہی امتحان فروری 2002ء میں منعقد ہوا۔

بورڈ کے امتحان منعقدہ مئی 2001ء میں کالج کی طرف سے کل 102 طلبہ نے امتحان میں شرکت کی جن میں سے آئی سی ایس سال اول 24 ' آئی سی ایس سال دوم

© rasailojaraid

29 ایف اے جنرل سائنس سال اول 8 ایف اے جنرل سائنس سال دوم 01 ایف اے سال اول 03 ایف اے سال دوم 10 آئی کام سال اول 05 آئی کام سال دوم 16 آئی کام سال دوم پرائیویٹ 2 ایف اے سال اول پرائیویٹ 2 اور ایف اے سال دوم پرائیویٹ 2 طلبہ شامل تھے۔ ان میں سے 57 طلبہ پاس ہوئے اور مجموعی طور پر 56% نتیجہ رہا' ان میں سے اول' دوم اور سوم آنے والے طلبہ نے بالترتیب 744' 730 اور 728 نمبر حاصل کئے۔

بورڈ کے امتحان منعقدہ مئی 2002ء میں کالج کی طرف سے 92 طلبہ نے شرکت کی۔ ان میں سے آئی سی ایس سال اول میں 28' آئی سی ایس سال دوم 20 ایف اے سال اول 10' ایف اے سال دوم 2' آئی کام سال اول 17' آئی کام سال دوم 4 ایف اے جنرل سائنس سال 3 اور ایف اے جنرل سائنس سال دوم کے 8 طلبہ شامل تھے۔

## ہم نصابی سرگرمیاں

(i) ہفتہ وار درس قرآن مجید کا انعقاد: سال کے دوران مختلف موضوعات پر ہفتہ وار درس قرآن مجید باقاعدگی سے منعقد ہوتا رہا ہے جس میں جملہ اساتذہ کرام اور طلبہ کی شرکت لازمی ہوتی ہے۔ تذکیر بالقرآن کے لئے قرآن کالج کے اساتذہ کے علاوہ بیرونی مدرسین کی خدمات بھی گاہے بگاہے حاصل کی جاتی ہیں۔

(ii) ٹیوٹوریل گروپس: ہر سال کالج کے ٹیوٹوریل گروپس ترتیب دیئے جاتے ہیں۔ ان میں شامل طلبہ تین دن تک کی رخصت اور اپنی مشکلات کے حل کے لئے متعلقہ ٹیوٹر سے رجوع کرتے ہیں۔ ان گروپس کی ہر ہفتہ منگل کے روز چوتھے پیریڈ میں باقاعدگی سے میٹنگ ہوتی ہے۔

(iii) بزمِ ادب: دوران سال تمام ٹیوٹوریل گروپس کے آپس میں کئی مقابلے ہوئے جن میں خاص طور پر تلاوت قرآن مجید' حمد و نعت اور کوئز پروگرام قابل ذکر ہیں۔ کوئز پروگرام میں طلبہ کی شرکت نہایت بھرپور اور قابل ذکر رہی۔ کامیاب ہونے والے طلبہ کو

© rasailojaraid.com

انعامات بھی دیئے گئے۔

## سالانہ تفریحی و مطالعاتی دورہ

کالج ہذا نے ایک روزہ تفریحی و مطالعاتی ٹور کا اہتمام کیا جس کس لئے کلر کہار کے مقام کا انتخاب کیا گیا۔ اس دورے میں تقریباً 65 طلبہ نے حصہ لیا' جن میں سے بیشتر طلبہ نے موٹر وے پر سفر کا پہلی بار تجربہ کیا۔ اس کے ساتھ ہی کلر کہار کے قریب تاریخی مقام کٹاس کی بھی سیر کی جس میں قدیم زمانے کے مندر اور عبادت گاہیں ہیں۔ یہ ٹور ڈسپلن کے اعتبار سے بہت بہتر رہا اور طلبہ کافی لطف اندوز ہوئے۔

## رجسٹریشن و لاہور بورڈ سے الحاق

© rasailojaraid.com
محکمہ تعلیم پنجاب سے کالج کی رجسٹریشن اور لاہور بورڈ سے Affilation کئی سال قبل ہوگئی تھی۔ اس میں ہر سیشن کے بعد توسیع کروانی پڑتی ہے۔ نئے سیشن کے لئے درخواست دی ہوئی ہے' ان شاء اللہ امید ہے اسی ماہ توسیع کا لیٹر بورڈ کی طرف سے جاری ہو جائے گا۔

## لائبریری

کالج لائبریری میں اس وقت کل 2270 کتب ہیں۔ دوران سال 178 کتابوں کا اضافہ ہوا۔ ان میں سے 145 کتابیں بطور عطیہ وصول ہوئیں اور 33 کتابیں بازار سے خریدی گئیں۔

## اساتذہ کرام کے لئے تربیتی پروگرام

ماہ جون 2002ء میں قرآن کالج کے اساتذہ کرام کے لئے 20 روزہ تربیتی پروگرام منعقد کیا گیا جس کا دورانیہ روزانہ تین گھنٹے ہوتا تھا۔ اس پروگرام میں محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی منتخب موضوعات پر مبنی ویڈیو کیسٹس مثلاً قرآن حکیم اور ہماری ذمہ داریاں' اسلام کی نشاۃ ثانیہ' کرنے کا اصل کام اور جہاد بالقرآن وغیرہ کے علاوہ محترم خالد

© rasailojaraid.

عباسی صاحب کے دو لیکچرز "فرائض دینی کا جامع تصور" کے عنوان پر مبنی بھی شامل تھے۔
ہر ہفتے کے اختتام پر ناظم کالج محترم عاکف سعید کے ساتھ بھی شرکائے پروگرام کی خصوصی نشست کا اہتمام کیا گیا تاکہ اہم نکات کی وضاحت اور مزید سوال و جواب بھی کیے جا سکیں۔ اس پروگرام میں اساتذہ کرام کی اکثریت نے بھرپور دلچسپی کے ساتھ شرکت کی۔

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.c

# قرآن کالج ہاسٹل

## تعارف

قرآن کالج میں ہاسٹل کو ایک بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ اس کالج کے طلبہ کی اکثریت ہاسٹل سے تعلق رکھتی ہے جو ملک کے کونے کونے سے علم کے حصول کے ساتھ ساتھ تربیت لینے کے لئے یہاں آتے ہیں۔ قران کالج ہاسٹل نہ صرف ایک اقامتی ادارہ ہے بلکہ یہاں طلبہ کی تربیت کا بھی خصوصی بندوبست ہوتا ہے اور یہی ہمارے ہاسٹل کی امتیازی شان ہے۔ جہاں تک سہولیات کا تعلق ہے تو اس لحاظ سے بھی ہمارا ہاسٹل کسی بھی اچھے ہاسٹل سے کم نہیں۔ ہمارے ہاسٹل کا مرتب کردہ تربیتی نظام طلبہ کی زندگی پر گہرے' دیرپا اور دوررس اثرات مرتب کرتا ہے۔

## عمارت

بڑے رہائشی کمرے 13 ہیں۔ عموماً ہر کمرے میں چار چار طلبہ کو ٹھہرایا جاتا ہے۔ چھوٹے رہائشی کمرے 10 ہیں جن میں دو دو طلبہ رہتے ہیں۔ چھوٹے رہائشی کمروں میں سے ایک کمرہ ہاسٹل وارڈن کے پاس ہے اور ایک قرآن کالج کے ڈسپنسر لیاقت علی کے پاس ہے۔ اس کے علاوہ دارالمطالعہ ایک کمرہ' سپورٹ روم ایک کمرہ اور گیسٹ روم ایک کمرہ۔ ڈائننگ ہال' کچن مع تنور' کمرہ برائے میس انچارج' سٹور روم برائے میس بھی ہیں۔ غسل خانے اور بیت الخلا ہر ایک 16 کی تعداد میں ہیں۔

## طلبہ کی تعداد

ہاسٹل میں 70 لڑکوں کی رہائش کا بندوبست ہے' البتہ ہنگامی حالات میں اس گنجائش میں توسیع بھی کی جا سکتی ہے۔ یکم جولائی 2001ء سے جون 2002ء تک کے عرصہ میں تقریباً 55 لڑکے رہائش پذیر رہے۔

© rasailojaraid

## ہاسٹل سٹاف

اس وقت ہاسٹل میں درج ذیل سٹاف ہمہ وقت فرائض انجام دے رہا ہے۔

(1) وارڈن

(2) اسسٹنٹ وارڈن

(3) میس کلرک

(4) باورچی دو عدد

(5) معاون باورچی ایک عدد

(6) خاکروب ایک عدد

(7) چوکیدار / قاصد تین عدد

(8) الیکٹریشن ایک عدد

الحمد للہ ہاسٹل کا نظام احسن طریقہ سے چل رہا ہے۔

## اخراجات ہاسٹل

ہاسٹل میں رہنے کے خواہش مند طلبہ کو درج ذیل اخراجات ادا کرنے ہوتے ہیں۔

ڈارمیٹری (فور سیٹر): اس کمرے میں چار طلبہ کے ٹھہرنے کی گنجائش ہوتی ہے اور اس کا فی کس کرایہ وغیرہ درج ذیل ہے۔

| | |
|---|---|
| کرایہ | -/250 روپے |
| یوٹیلٹی چارجز | -/150 روپے |

بائی سیٹر: اس میں دو طلبہ کے ٹھہرنے کی گنجائش ہوتی ہے اور اس کا فی کس کرایہ -/400 روپے جبکہ یوٹیلٹی چارجز -/150 روپے ہیں۔

مزید برآں ہاسٹل میں داخلہ لیتے وقت ہر طالب علم سے مبلغ -/800 روپے بطور میس ایڈوانس وصول کیے جاتے ہیں جو کہ قابل واپسی ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ 200 روپے ہاسٹل سیکورٹی کی مد میں بھی وصول کیے جاتے ہیں اور یہ بھی قابل واپسی

© rasailojaraid
© rasailojaraid
© rasailojaraid

ہوتے ہیں۔

## معمولاتِ ہاسٹل

ہاسٹل میں مقیم طلبہ اور ملازمین کو نماز پنجگانہ باجماعت ادا کرنے کا پابند بنایا جاتا ہے۔ نماز باجماعت کی حاضری کو یقینی بنانے کے لئے چند طلبہ پر مشتمل اقامت صلوٰۃ کے نام سے کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو فجر کی اذان کے ساتھ ہی تمام طلبہ کو جگاتے ہیں۔

نماز فجر کی ادائیگی کے بعد تمام طلبہ پندرہ منٹ کے لئے مسجد ہی میں قرآن کریم کی تلاوت کرتے ہیں۔ نماز فجر اور تلاوت کے بعد کالج کے ساتھ منسلک گراؤنڈ میں مارننگ پی ٹی کا پروگرام ہوتا ہے جس کے انچارج سابقہ ہاسٹل وارڈن اور کالج ہی کے پروفیسر مسعود اقبال صاحب ہیں۔ اس پروگرام میں تمام طلبہ کی شرکت لازمی ہوتی ہے۔ غیر حاضری پر مناسب جرمانہ بھی کیا جاتا ہے۔

کالج ٹائم شروع ہونے سے 45 منٹ قبل ناشتہ پیش کیا جاتا ہے۔ بعد ازاں ہاسٹل وارڈن پورے ہاسٹل کا راؤنڈ لگاتے ہیں اور تمام طلبہ کو کالج شروع ہونے سے پانچ منٹ پہلے کالج بھیج دیا جاتا ہے۔

ظہر کی نماز اور کھانے سے فارغ ہونے کے بعد عصر تک طلبہ فارغ ہوتے ہیں۔ اس دوران طلبہ مختلف مشاغل میں مصروف ہوتے ہیں۔ نماز عصر اور مغرب کے درمیانی وقفہ میں لڑکے مختلف کھیلوں میں مصروف ہوتے ہیں۔ اس کے لئے ہاسٹل میں طلبہ کے کھیلنے کے لئے کھیلوں کا سامان مہیا کیا گیا ہے، جن میں کرکٹ، فٹ بال، والی بال، کیرم بورڈ اور ٹیبل ٹینس وغیرہ شامل ہیں۔ مغرب کی نماز کے بعد اور عشاء کی اذان تک ہوم ورک کلاس ہوتی ہے جس کے لئے کالج کھولا جاتا ہے اور طلبہ کی نگرانی کے لئے اسسٹنٹ وارڈن صاحب موجود ہوتے ہیں جو طلبہ کی نگرانی کے ساتھ ساتھ پڑھائی میں بھی طلبہ کی معاونت کرتے ہیں۔

نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد کھانے کی گھنٹی بجتی ہے۔ کھانے سے پہلے ڈائننگ

© rasailojaraid.com

ہال میں ایک مختصر تذکیری پروگرام ہوتا ہے جس کے لئے طلبہ روزانہ باری باری کھانے پینے' سونے اور تعلقات باہمی وغیرہ مختلف عنوانات پر مشتمل پانچ دس منٹ کی گفتگو کرتے ہیں۔ کھانے کے بعد طلبہ کو ایک گھنٹہ کے لئے واک کی اجازت ہوتی ہے۔ اس کے بعد کالج کے گیٹ بند کر دیئے جاتے ہیں۔ تمام طلبہ میس ہال میں اکھٹے ہوتے ہیں اور اسسٹنٹ وارڈن محترم علاؤالدین صاحب نماز روزہ وغیرہ ارکان اسلام کی اہمیت پر مشتمل احادیث کا درس دیتے ہیں' جس کا دورانیہ تقریباً پندرہ منٹ کا ہوتا ہے۔

بعد ازاں طلبہ اپنے اپنے کمروں میں مطالعہ کرتے ہیں۔ ٹھیک رات گیارہ بجے ہاسٹل کی تمام لائٹیں بند کر دی جاتی ہیں۔ اگر کسی طالب علم نے اس کے بعد مزید پڑھنا ہو تو وہ اپنے کمرے کے بجائے کامن روم میں پڑھ سکتا ہے تاکہ اس کی وجہ سے دوسرے ساتھی تنگ نہ ہوں۔

© rasailojaraid.com

طلبہ کو متوازن اور ان کا پسندیدہ کھانا مہیا کرنے کی غرض سے مختلف کلاسوں پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی گئی ہے' جس کا کام طلبہ کا پسند کردہ مینو مرتب کر کے ہاسٹل وارڈن کے حوالے کرنا ہوتا ہے۔ طلبہ کے پسندیدہ اور منتخب کردہ مینو کے مطابق تینوں ٹائم کھانے کے ماہوار چارجز فی کس تقریباً -/800 روپے ہوتے ہیں۔ ہاسٹل میں طلبہ کے علاج معالجے کی غرض سے ڈسپنسری بنائی گئی ہے جس کے لئے ایک کوالیفائڈ ڈسپنسر کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔ اس ڈسپنسری سے طلبہ کے علاوہ محترم ٹیچر صاحبان اور انجمن خدام القرآن کا جملہ اسٹاف بھی استفادہ کرتے ہیں۔

ہاسٹل کو بارونق بنانے کے لئے پودوں کے گملے لگائے گئے ہیں اور اس کے علاوہ مختلف جگہوں پر قرآنی دعاؤں پر مشتمل مختلف سائز کے فریم اور سینریز لگائی گئی ہیں۔

ہاسٹل میں مانیٹرنگ سسٹم کا بھی انتظام ہے تاکہ اپنے معاملات طلبہ خود حل کرنے کی عادت ڈالیں۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل سسٹم بنایا گیا ہے:

صلوٰۃ کمیٹی۔ میس کمیٹی۔ ڈسپلن کمیٹی۔ کامن روم واخبار کمیٹی۔

ہاسٹل میں کامن روم بھی ہمارے ہاسٹل کا ایک اہم حصہ ہے جہاں طلبہ کے

© rasailojaraid.com

مطالعاتی ذوق کی تسکین کے لئے مختلف رسائل و جرائد کا انتظام کیا گیا ہے۔ ہفتہ میں ایک دن بروز جمعرات بزم ادب کا پروگرام ہوتا ہے جس میں تلاوتِ کلام پاک' حمد باری تعالیٰ' نعت رسول مقبول ﷺ' کلام اقبال' درس قرآن اور تقاریر وغیرہ کا مقابلہ ہوتا ہے۔

اس سال رمضان المبارک میں محترم ڈاکٹر صاحب کا دورہ ترجمہ قرآن مجید سننے کے لئے تمام طلبہ کو قرآن اکیڈمی لے جانے کا اہتمام کیا گیا' جس میں تمام طلبہ نے انتہائی نظم وضبط اور شوق سے شرکت کی۔ طلبہ کی رہنمائی اور نگرانی کا فریضہ اسسٹنٹ وارڈن محترم علاؤالدین صاحب نے بحسن وخوبی انجام دیا۔

© rasailojaraid.c

© rasailojaraid.c

# صدر مؤسس کا ہفتہ وار درسِ قرآن

صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد کا سلسلہ وار درس قرآن اتوار کے روز قرآن آڈیٹوریم میں بہت عرصہ سے جاری ہے اور اس سے حاضرین کی ایک بہت بڑی تعداد مستفید ہو رہی ہے۔ مرکزی انجمن کی مجلس عاملہ میں ایک تجویز پیش کی گئی کہ جس طرح محترم ڈاکٹر صاحب کا دورۂ ترجمہ قرآن بذریعہ سیٹلائٹ نشر کیا جا رہا ہے اور لوگوں کی ایک بہت بڑی تعداد اس پروگرام کو بہت پسندیدگی سے دیکھ رہی ہے تو کیوں نہ قرآن مجید کا منتخب نصاب جو ہماری پوری دعوت اور تحریک کی جڑ بنیاد ہے اس کو بھی براڈ کاسٹ کوالٹی پر تیار کیا جائے اور اس کے نشر کرنے کا اہتمام کیا جائے۔ بحمد اللہ مئی 2002ء سے باقاعدہ منتخب نصاب کے دروس کا آغاز ہو گیا اور اس کو براڈ کاسٹ کوالٹی پر ریکارڈ کیا جانے لگا۔ درس کا دورانیہ بڑھا کر ڈیڑھ گھنٹہ کر دیا گیا ہے اور اس کو پینتالیس پینتالیس منٹ کے دو حصوں میں ریکارڈ کیا جاتا ہے۔ اس سلسلہ میں ایک خصوصی بات یہ ہے کہ اس نئے پروگرام کے شروع ہوتے ہی شرکاء کی تعداد بہت بڑھ گئی ہے اور قرآن آڈیٹوریم اپنی وسعت کے باوجود تنگی کا منظر پیش کر رہا ہے۔ قریباً 700 کے لگ بھگ خواتین و حضرات اس پروگرام میں ذوق و شوق سے شرکت کر رہے ہیں۔

© rasailojaraid.c

# دورۂ ترجمۂ قرآن اور جامع القرآن

قرآن اکیڈمی کی جامع مسجد جامع القرآن میں رمضان المبارک کی راتوں میں نمازِ تراویح کے ساتھ دورۂ ترجمۂ قرآن کا سلسلہ اللہ کے فضل وکرم سے قریباً 18 سال سے جاری ہے اور لوگوں کی ایک بڑی تعداد ہر سال اس پروگرام سے استفادہ کرتی ہے۔ اس سال یہ ذمہ داری انجمن کے صدرِ مؤسس جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے نہایت خوش اسلوبی سے ادا کی۔ لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے اس میں شرکت کی' جبکہ رمضان المبارک کے آخری عشرے میں قریباً 500 سے لے کر 600 تک افراد اور 100 سے 150 تک خواتین نے شرکت کی۔ اس سال کی خصوصی بات یہ تھی کہ صدر مؤسس کے 98ء کے دورۂ ترجمہ قرآن کو کیبل پر لاہور میں نشر کیا گیا اور بہت سے افراد نے گھر بیٹھے اس سے استفادہ کیا۔ ختم القرآن کی رات شرکاء کے ساتھ سوال و جواب کا پروگرام رکھا گیا جو بہت مفید ثابت ہوا۔ اس کے علاوہ قریباً 10 مختلف مقامات پر نمازِ تراویح کے ساتھ یا دن میں دورۂ ترجمۂ قرآن کا پروگرام منعقد ہوا۔

جامع القرآن میں نمازِ فجر کے بعد ہفتہ میں چار دن درسِ قرآن اور تین دن درسِ حدیث کا پروگرام جاری رہا۔ جامع القرآن میں شعبہ حفظ کو بوجوہ بند کر دیا گیا ہے لیکن عصر تا مغرب ناظرہ کلاس اور مغرب سے عشاء حفاظ بچوں کی دہرائی کا بندوبست جاری ہے۔ شادی بیاہ کے ضمن میں اصلاحی تحریک کی لوگوں میں پذیرائی کی وجہ سے اب اس مسجد میں بہت سے لوگ محفل نکاح منعقد کرتے ہیں۔

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

# ایڈمن

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے شعبہ ایڈمن کے روزمرہ کے معاملات میں سٹاف کی نگرانی' ماہوار تنخواہوں کی بروقت تیاری' ڈاک کا باقاعدہ اندراج اور تقسیم' سٹاف کی حاضریوں اور چھٹیوں کا ریکارڈ رکھنا' مختلف نوع کے آفس آرڈرز/نوٹس اور میموز کا اجراء اور ریکارڈ مرتب کرنا' قرآن اکیڈمی ہاسٹل' میس اور مسجد کے انتظامات کی نگرانی' دروس وخطابات اور مختلف پروگرامز کے انتظامی معاملات کی نگرانی کرنا اور ارکانِ انجمن کے ساتھ رابطہ رکھنا شامل ہیں۔ ایڈمن نے اپنی یہ معمول کی ذمہ داریاں عمدگی سے ادا کیں۔ حسب ضرورت سرکاری وغیر سرکاری دفاتر سے رابطے بھی جاری رہے۔

# اکاؤنٹس اور کیش سیکشن

© rasailojaraid.c

شعبۂ اکاؤنٹس اور کیش نے نہایت مختصر سٹاف کے باوجود اپنی معمول کی ذمہ داریاں احسن طریقہ سے ادا کیں۔ سالانہ اکاؤنٹس بروقت تیار کیے گئے اور وہ خارجی محاسب رحمان سرفراز اینڈ کمپنی کو آڈٹ کے لئے پیش کیے گئے۔ خارجی محاسب کے طور پر رحمٰن سرفراز اینڈ کمپنی کی اعزازی خدمات مرکزی انجمن کو اپنے قیام ہی سے حاصل ہیں۔ یہ کمپنی مرکزی انجمن کے سالانہ اکاؤنٹس کو چیک کر کے آڈٹ رپورٹ مرتب کرتی ہے اور بعدازاں ہمارے اکاؤنٹس کو (آڈٹ رپورٹ کے ہمراہ) CBR سے منظوری کے لئے محکمہ انکم ٹیکس میں submit کراتی ہے۔ مرکزی انجمن کمپنی کی ان اعزازی خدمات کے لئے میر عبدالرحمٰن صاحب کی بے حد مشکور ہے۔ اللہ تعالیٰ محترم میر صاحب کو بہترین اجر سے نوازے' آمین!

مرکزی انجمن کو داخلی محاسب کے طور پر چوہدری رحمت اللہ بٹر صاحب کی اعزازی خدمات حاصل ہیں۔ محترم بٹر صاحب نہ صرف سال بھر اکاؤنٹس اور سٹاک رجسٹرز کو چیک کرتے ہیں بلکہ ہر تین ماہ بعد کتب وکیسٹس کے سٹاک اور دیگر اثاثہ جات کو بھی چیک کرتے ہیں۔ مرکزی انجمن کی انتظامیہ موصوف کی ان خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ اللہ تعالیٰ محترم بٹر صاحب کو بہترین اجر عطا فرمائے' آمین!

© rasailojaraid.c

# بیلنس شیٹ برائے سال 2002-2001ء

# Balance Sheet as on 30-06-2002

| Liabilities | | Assets | |
|---|---|---|---|
| 3199000.00 | فکسڈ فنڈ موسسین، محسنین اور مستقل اراکین کی یکمشت ادائیگی | 28791885.51 | مستقل اثاثہ جات و سرمایہ کاری |
| | | 2455612.45 | مکتبہ مرکزی انجمن |
| 26000000.00 | فکسڈ اثاثہ جات فنڈ | 540.96 | اسٹاک وسٹورز |
| 42145.00 | تعلیمی قرضہ فنڈ | 22505.00 | پیشگی رقوم و دیگر واجب الوصل رقم |
| 14762.00 | دیگر فنڈ | | |
| 87950.00 | سیکورٹی ڈیپازٹ | | |
| 30180.00 | قابل ادائیگی اخراجات | 8433.50 | بینک میں موجودہ رقم |
| 2110143.42 | میزان کل آمدن منہا اخراجات 30/ جون 2002ء | 2203.00 | امپریسٹ فنڈ |
| 31484180.42 | | 31484180.42 | |

© rasailojaraid.com

# Income and Expenditure

## A/C for the year ended 30-06-2002

| رقم | اخراجات | رقم | آمدن |
| --- | --- | --- | --- |
| 494044.02 | قرآن کالج آف آرٹس اینڈ سائنس (اخراجات منہا آمدن) | 741947 | ماہانہ اعانت |
| 267298.00 | ہاسٹل قرآن کالج (اخراجات منہا آمدن) | 4399758 | خصوصی دیگر اعانت |
| 815744.00 | مکتبہ انجمن (اخراجات منہا آمدن) | 86851 | خط و کتابت و دیگر کورسز فیس |
| 116055.00 | لائبریری | | |
| 8194.00 | محاضرات قرآنی | | |
| 14815.00 | نقد امداد | 473941.38 | دیگر آمدنی |
| 147030.25 | دعوت و تبلیغ پبلسٹی | | |
| 271259.00 | مساجد | | |
| 229848.00 | قرآن اکیڈمی ہاسٹل و میس | | |
| 1030956.00 | اسٹاف تنخواہ | | |
| 361027.00 | ٹیلی فون فیکس، بجلی، پانی و گیس بل | | |
| 178572.00 | آڈیٹوریم | | |
| 36329.00 | اولڈ ایج بینیفٹ | | |
| 205756.00 | مرمت اور مینٹیننس | | |
| 179887.75 | خط و کتابت و دیگر کورسز | | |
| 406066.00 | دیگر اخراجات | | |
| 939616.36 | آمدنی منہا اخراجات | | |
| **5702497.38** | | **5702497.38** | |

## Shedule of Fixed Assets and Investment as at 30th June, 2002

| Total | Amount | Particulars of Land & Buildings |
|---|---|---|
| | 4781469.94 | قرآن اکیڈمی |
| | 10956607.25 | قرآن آڈیٹوریم وکالج بمع ہاسٹل |
| | 679401.00 | مسجد ومکتب والٹن |
| | 31000.00 | لینڈ سرگودھا |
| 18283178.19 | 1834700.00 | لینڈ سمن آباد لاہور |
| | | **Other Assets** |
| | 4370104.19 | قرآن اکیڈمی |
| | 128592.95 | قرآن اکیڈمی ہاسٹل |
| | 892976.80 | قرآن کالج |
| | 406699.40 | قرآن کالج ہاسٹل اینڈ میس |
| | 475405.00 | قرآن آڈیٹوریم |
| 6304416.34 | 30638.00 | مسجد ومکتب والٹن |
| 4204290.98 | 4204290.98 | |
| 28791885.51 | | |

© rasailojaraid

## اراکینِ انجمن کی موجودہ تعداد

| | | |
|---|---|---|
| مؤسسین و محسنین | = | 404 |
| مستقل ارکان | = | 187 |
| عام ارکان | = | 453 |
| کل تعداد | = | 1044 |

© rasailojaraid

© rasailojaraid

# منسلک انجمنوں کی کارکردگی کا جائزہ

## انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

### دورۂ ترجمۂ قرآن

الحمدللہ! انجمن خدام القرآن سندھ کے تحت رمضان المبارک کی راتوں میں نمازِ تراویح کے ساتھ مکمل دورۂ ترجمۂ قرآن کا سلسلہ ایک منفرد اور اپنی مثال آپ کی طرز کی کاوش ہے۔ کراچی میں یہ سلسلہ گزشتہ بارہ سالوں سے باقاعدگی کے ساتھ جاری ہے اور اس سے استفادہ کرنے والے حضرات وخواتین کی تعداد میں سال بسال اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ اس سال شہر کراچی میں نو مقامات پر دورۂ ترجمۂ قرآن کے پروگرام منعقد ہوئے۔ ان میں قرآن اکیڈمی یاسین آباد اور گلستان انیس کلب کے پروگراموں میں حاضری اوسطاً 400 سے متجاوز رہی۔ جن مقامات پر یہ پروگرام منعقد ہوئے، ان کی تفصیل حسبِ ذیل ہے:

| مقام | مدرس |
|---|---|
| 1- قرآن اکیڈمی، ڈیفنس | جناب فریس احمد مسعود |
| 2- قرآن اکیڈمی، یاسین آباد | جناب انجینئر نوید احمد |
| 3- گلستان انیس کلب | جناب اعجاز لطیف |
| 4- میٹ اینڈ ٹریٹ ہال، گلشنِ اقبال | جناب اشفاق حسین |
| 5- قرآن مرکز، کورنگی | جناب عامر خان |
| 6- مسجد نیوی ہاؤسنگ اسکیم، زمزمہ، کلفٹن | جناب زین العابدین جواد |
| 7- سلاوٹہ ہال، رنچھوڑ لائن | جناب شجاع الدین شیخ |
| 8- ماڈل کالونی | جناب یامین |

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

9- گرین ہل پبلک اسکول' لانڈھی نمبر 1 — جناب افتخار عالم خان

## حلقہ ہائے دروسِ قرآن

☆ مسجد جامع القرآن' قرآن اکیڈمی میں ہفتہ وار درسِ قرآنِ حکیم بروز بدھ بعد نماز عشاء 1995ء سے منعقد ہو رہا ہے۔ اس میں شرکاء کی اوسط حاضری 30 تا 40 رہتی ہے۔ مدرس کے فرائض اکیڈمک ڈائریکٹر جناب انجینئر نوید احمد ادا کرتے ہیں۔

☆ قرآن مرکز' کورنگی سے متصل مسجد طیبہ میں ہفتہ وار درسِ قرآنِ حکیم کا آغاز 1996ء میں کیا گیا۔ یہ محفل بروز جمعرات بعد نماز عشاء منعقد ہوتی ہے۔ 30 تا 50 شرکاء اس درس سے استفادہ کرتے ہیں۔ یہاں بھی مدرس کے فرائض جناب انجینئر نوید احمد ہی ادا کرتے ہیں۔

☆ جنوری 2001ء سے سلسلہ وار درسِ قرآنِ حکیم کا آغاز بروز اتوار نماز فجر سے ایک گھنٹہ بعد' پی ای سی ایچ ایس میں کیا گیا ہے۔ اس میں شرکاء کی اوسط حاضری 30 تک ہوتی ہے۔ مدرسین کے فرائض جناب انجینئر نوید احمد' جناب اعجاز لطیف' جناب شجاع الدین شیخ اور جناب عامر خان ادا کرتے ہیں۔

☆ جنوری 2001ء سے نارتھ ناظم آباد میں سورۃ الحدید سے سورۃ التحریم تک کے سلسلہ وار درسِ قرآنِ حکیم کا آغاز کیا گیا۔ اس محفل کا انعقاد ہر ماہ کے چوتھے اتوار کو صبح گیارہ بجے ہوتا ہے۔ اوسطاً 200 حضرات و خواتین اس درس میں شریک ہوتے ہیں۔ مدرس کی ذمہ داری جناب انجینئر نوید احمد ادا کرتے ہیں۔

☆ جنوری 2001ء سے کاوش کورٹس میں جناب شجاع الدین شیخ نے درسِ قرآنِ حکیم کا آغاز کیا' جو ہر ماہ کے پہلے ہفتہ کو صبح 8:30 بجے ہوتا ہے۔ اوسطاً 60 حضرات شریک ہوتے ہیں۔

☆ جنوری 2002ء سے گلستان انیس کلب اور بندھن شادی ہال میں ماہانہ دعوتی خطبات کا آغاز کیا گیا' جو ہر ماہ کے دوسرے اتوار کو دن 11 بجے منعقد ہوتے ہیں۔ اوسطاً 120 حضرات و خواتین شریک ہوتے ہیں۔ مقررین کے فرائض

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

جناب انجینئر نوید احمد' جناب اعجاز لطیف' جناب شجاع الدین شیخ اور جناب عامر خان ادا کرتے ہیں۔

ان کے علاوہ شہر کے کئی دیگر مقامات پر بھی باقاعدگی سے دروس قرآن منعقد ہوتے ہیں۔ ان مقامات میں کورنگی' لانڈھی' برنس روڈ' نیول کالونی کلفٹن' ماڈل کالونی' ملیر کینٹ' مادام اپارٹمنٹس' شاہ فیصل کالونی' نارتھ ناظم آباد' رضوان سوسائٹی اور نگی ٹاؤن شامل ہیں۔

## ایک سالہ قرآن فہمی کورس

بحمد اللہ انجمن خدام القرآن سندھ کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ مرکزی انجمن خدام القرآن' لاہور کے بعد اس کے زیر اہتمام ایک سالہ قرآن فہمی کورسز کا انعقاد تسلسل کے ساتھ ہو رہا ہے۔ اب تک سات کورسز مکمل ہو چکے ہیں۔ ان سے 150 سے زائد حضرات و خواتین استفادہ کر چکے ہیں' جن میں سے 28 حضرات و خواتین شہر کراچی کے مختلف مقامات پر دورہ ہائے ترجمہ قرآن کرنے' دروس قرآن دینے اور عربی گرامر کی تدریس میں مصروف ہیں۔

آٹھواں ایک سالہ قرآن فہمی کورس جاری ہے' جس کی تکمیل اکتوبر 2002ء میں ہو گی۔ اس کورس میں شرکاء کی تعداد 30 (بشمول 5 خواتین) ہے۔

## عربی گرامر کلاسز

اس سال کراچی میں 12 مقامات پر عربی گرامر کلاسز کا انعقاد کیا گیا' جن سے مجموعی طور پر 70 کے قریب حضرات نے استفادہ کیا۔

## ہفتہ وار ترجمۂ قرآن کلاس

1998ء سے قرآن اکیڈمی میں ہفتہ وار ترجمۂ قرآن کلاس کا آغاز کیا گیا۔ یہ کلاس بروز بدھ بعد نماز مغرب منعقد ہوتی ہے۔ جناب انجینئر نوید احمد تدریس کے فرائض انجام دیتے ہیں۔ اس کلاس سے 10 افراد استفادہ کر رہے ہیں۔

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

## مدرسۃ البنین

اس مدرسہ نے فروری 1998ء میں کام کا آغاز کیا۔ جناب طاہر عبداللہ صدیقی بڑی جانفشانی اور ذمہ داری سے اس مدرسہ کو چلا رہے ہیں ۔ یہاں بچوں کو ناظرۂ قرآنِ حکیم کی تعلیم کے ساتھ ساتھ بنیادی دینی تعلیمات بھی سکھا دی جاتی ہیں جن کا تعلق طہارت' نماز' معمولاتِ زندگی اور اخلاقیات سے ہے۔ بحمد اللہ مدرسہ میں اس سال 45 داخلے ہوئے۔

## سمر کورس

حسبِ سابق اس سال بھی موسم گرما کی تعطیلات میں طلبہ کے لئے دینی' معلوماتی و تربیتی سمر کورس منعقد کیا گیا جس میں مجموعی طور پر 27 طلبہ نے شرکت کی۔ شرکاء کو بنیادی عربی گرامر' احادیث' سیرۃ النبیؐ' آدابِ زندگی' تجوید کے بنیادی قواعد' نماز مع ترجمہ' نماز کے مسائل' تاریخ امت مسلمہ اور اخلاقیات کی تعلیم دی گئی۔

© rasailojaraid.com

## ماہانہ تربیتی پروگرام

اس سال بھی شمسی مہینے کے تیسرے ہفتہ اور اتوار کو ماہانہ شب بیداری کا تربیتی پروگرام جاری رہا۔ اس میں درج ذیل عنوانات کے تحت فکری اور تربیتی نشستیں منعقد ہوتی ہیں:

- ☆ دینی اور تحریکی لٹریچر
- ☆ تذکیر بالقرآن
- ☆ مطالعۂ حدیث
- ☆ حالاتِ حاضرہ
- ☆ قرآنِ حکیم کا منتخب نصاب
- ☆ تذکیری گفتگو

## سالانہ تربیت گاہ

گزشتہ کئی سالوں سے قرآن اکیڈمی کراچی میں سالانہ ہفت روزہ تربیت گاہ کے انعقاد کا بلسلہ جاری ہے۔ تربیت گاہ میں عقائد' عبادات' رسومات اور مختلف انفرادی واجتماعی امورِ زندگی اور فرائض دینی کے لئے دینی تعلیمات کو واضح کرنے کے لئے مختلف لیکچرز رکھے جاتے ہیں۔ اس سال یہ تربیت گاہ جنوری میں منعقد کی گئی۔

© rasailojaraid.com

شرکاء کا تعلق نہ صرف کراچی بلکہ دیگر شہروں سے بھی تھا۔

## اعتکاف کے دوران خصوصی پروگرام

اس سال رمضان المبارک کے دوران مسجد جامع القرآن میں 165 افراد نے اعتکاف کی سعادت حاصل کی۔ دن کے اوقات میں معتکفین کے لئے بعد نماز ظہر خصوصی نشست کا اہتمام کیا گیا جس میں مختلف دینی موضوعات پر لیکچرز دیئے گئے۔

## شعبۂ خواتین

خواتین کی سرگرمیوں کا جائزہ حسب ذیل ہے:

### i) قرآن اکیڈمی میں کلاسز

قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں درج ذیل کلاسز منعقد کی گئیں:

☆ ناظرہ قرآن کریم ☆ قواعد تجوید ☆ عربی گرامر

☆ ماہانہ درس قرآن ☆ منتخب نصاب ☆ قرآن کریم کا لفظی ترجمہ و تفسیر

### ii) رمضان المبارک میں محافلِ ترجمۂ قرآن

خواتین کے لئے ترجمۂ قرآن کی محافل حسب ذیل مقامات پر منعقد ہوئیں:

| مقام | مُدرِسہ |
|---|---|
| 1- پی ای سی ایچ ایس | بیگم خالد باڑی |
| 2- ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی | بیگم آفتاب / بیگم اعوان |
| 3- گلشن اصغر، چھوٹا گیٹ ایئر پورٹ | بیگم اعجاز لطیف |
| 4- قرآن مرکز، کورنگی | محترمہ بنت ریاض |
| 5- پی اے ایف ہاؤسنگ سوسائٹی | محترمہ ملیحہ جمشید |
| 6- محمود آباد | محترمہ فرحت |

### iii) سمر کورس

اس سال بھی موسم گرما کی تعطیلات میں خواتین کے لئے سمر کورس کا اہتمام کیا گیا۔

© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.c

اس کورس میں مجموعی طور پر 21 خواتین نے شرکت کی۔کورس کے اختتام پر خواتین کو ''سیرتِ عائشہؓ '' کے موضوع پر کتاب تحفتاً دی گئی۔

iv) مدرسۃ البنات

انجمن کے تحت 1996ء میں مدرسۃ البنات کا آغاز کیا گیا۔اس وقت یہاں طلبہ وطالبات کی تعداد 105 ہے۔محترمہ نزہت سیف اللہ بڑی محنت اور لگن کے ساتھ مدرسہ کی نگرانی کر رہی ہیں۔بچوں کے علاوہ ان کی ماؤں کی تربیت کے لئے بھی کلاسز منعقد کی جاتی ہیں۔

## تصنیف وتالیف

تصنیف وتالیف کے حوالے سے قابلِ ذکر امور حسبِ ذیل ہیں:

i) ماہانہ لیکچرز کے سلسلے میں درج ذیل عنوانات پر کتابچے شائع کیے گئے :

☆حقیقت ومقصدِ زندگی ☆فلسفہ وحکمتِ قربانی

☆اسلام مذہب ہے یا دین؟ ☆دین اسلام ہم سے کیا چاہتا ہے؟

☆نبی کریمؐ سے ہمارے تعلق کی بنیادیں ☆جہاد فی سبیل اللہ

☆اسلام میں اجتماعیت کی اہمیت ☆نبی کریمؐ نے دین کیسے غالب کیا؟

ii) ''قواعد تجوید'' کے عنوان سے کتابچے کی تدریس پر مشتمل ویڈیو کیسٹ تیار کر کے ریلیز کی گئی۔

iii) منتخب نصاب حصہ اوّل کے نکات برائے درس وتدریس کتابی صورت میں شائع کیے گئے۔

iv) ''سود: حرمت' خباثتیں' اشکالات'' کے عنوان سے ایک مختصر لیکن نہایت جامع اور مفید کتاب شائع کی گئی۔اب تک اس کے چار ایڈیشن 16,000 کی تعداد میں شائع کیے جا چکے ہیں۔

v) عربی گرامر حصہ اوّل کے لئے قرآن حکیم اور احادیث مبارکہ سے مثالیں یکجا کر کے نوٹس کی صورت میں مدرسین کو دی گئیں۔

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

## شعبۂ سمع و بصر

اس سال شعبۂ ہذا میں انتہائی اہم امور سرانجام پائے ۔آڈیو/ویڈیو کے جدید آلات فراہم کیے گئے تاکہ ریکارڈنگ کے معیار کو بہتر بنایا جائے۔مسجد کے ساؤنڈ سسٹم کو تبدیل کیا گیا اور شعبہ کی کارکردگی پر نگاہ ڈالنے کے لئے جدید خطوط پر پالیسی وضع کی گئی۔اس اجمال کی تفصیل حسبِ ذیل ہے:

i) قرآن اکیڈمی میں لگے ہوئے ساؤنڈ سسٹم بشمول مسجد' اکیڈمی ہال اور خواتین سیکشن میں خاطر خواہ بہتری کی گئی۔

ii) مسجد کے ہال' برآمدے اور صحن' اکیڈمی ہال اور لیڈیز سیکشن میں نئی وائرنگ Change - over system کے ساتھ کی گئی تاکہ حسبِ ضرورت مختلف جگہوں پر آواز کو کنٹرول کیا جاسکے۔نیز اسپیکرز بھی تبدیل کیے گئے۔

iii) ایک صاحبِ خیر کے تعاون سے شعبہ کو نئی آڈیو/ویڈیو سہولیات فراہم کی گئیں جس سے ریکارڈنگ کا معیار بہتر ہوا۔

iv) ایک صاحبِ خیر نے آؤٹ ڈور پروگرامز کی ریکارڈنگ کے لئے ایک وی سی آر' ایک وی سی پی' ایک پری ڈیک ڈبل کیسٹ' ایک ایمپلی فائر مکسر اور ایک ایمپلی فائر شعبہ کو بطورِ عطیہ دیئے تاکہ اکیڈمی کے اندر استعمال کیے جانے والے آلات باہر لے جانے کی وجہ سے خراب نہ ہوں۔ان ہی صاحب کے تعاون سے مسجد جامع القرآن کے ہال' برآمدے اور صحن کے ساؤنڈ سسٹم کے لئے 16 عدد کالم اسپیکرز' ایمپلی فائر اور اذان کے لئے چار عدد لانگ ہارن مع یونٹ خریدے گئے۔اس سے مسجد کے اندرونی و بیرونی ساؤنڈ سسٹم میں خاطر خواہ بہتری ہوئی۔پرانے کالم اسپیکرز انجمن کے مختلف مراکز کے لئے اور ہارن مع یونٹ قرآن مرکز کورنگی سے متصل مسجد کے لئے عطیہ کر دیئے گئے۔

v) ایک صاحبِ خیر نے شعبہ کو دو عدد کمپیوٹر عطیہ کیے۔

© rasailojaraid.com

vi) شعبہ میں ایک نیا سسٹم رائج کیا گیا ہے جس میں ہر آڈیو/ ویڈیو کیسٹ کے ساتھ ایک عدد کیوری فارم دیا جاتا ہے تاکہ اگر کسی خریدار کو ریکارڈنگ سے متعلق کسی بھی قسم کی شکایت ہو تو وہ ایک ہفتہ کے اندر یہ کیوری فارم بھر کر جمع کرا سکتا ہے۔

vii) شعبہ میں ہونے والی تمام آڈیو/ویڈیو ریکارڈنگز کے لئے ایک ڈیٹا بیس بنایا گیا ہے جس کے ذریعہ ہفتہ وار اور ماہانہ رپورٹس بنانے میں آسانی ہو گئی ہے۔ شعبہ کے تمام ریکارڈز بشمول آڈیو' ویڈیو ماسٹرز کو بھی کمپیوٹرائزڈ کیا جا رہا ہے۔ تمام آڈیو/ ویڈیو کیسٹس کے موضوعات کی کمپیوٹرائزڈ پرنٹنگ کی جاتی ہے۔ لاہور میں ہونے والے نگرانِ انجمن کے خطاب جمعہ کو انٹرنیٹ کے ذریعہ بروقت ڈاؤن لوڈ کیا جا رہا ہے۔

© rasailojaraid.c

viii) عربی گرامر کلاسز کی وی سی ڈیز تیار ہو چکی ہیں۔ اس کے علاوہ الھدیٰ کے مختلف دروسِ قرآن پر مشتمل وی سی ڈیز بھی تیار کی گئی ہیں۔

ix) ایک صاحبِ خیر کے تعاون سے ہر ماہ نگرانِ انجمن محترم جناب ڈاکٹر اسرار احمد کے دروسِ قرآن کی ایک ہزار دعوتی کیسٹس مفت تقسیم کے لئے ریکارڈ کی جا رہی ہیں۔

x) شعبہ سمع و بصر نے جامع مسجد فتح پوری کے ساؤنڈ سسٹم کو صحیح طریقے سے نصب کیا۔ اس مسجد میں ہر منگل بعد نمازِ مغرب درسِ قرآن ہوتا ہے۔

xi) دورانِ سال آڈیو' ویڈیو کیسٹس اور سی ڈیز کی ریکارڈنگ کی تعداد اس طرح رہی:

| | |
|---|---|
| آڈیو کیسٹس | 30,169: |
| دعوتی آڈیو کیسٹس | 6,000: |
| آڈیو کیسٹ کلب | 4,523: |
| ویڈیو کیسٹس | 1,576: |
| سی ڈیز | 2,694: |

اس سال مجموعی طور پر 40,692 آڈیو کیسٹس اور 1,576 ویڈیو کیسٹس ریکارڈ کی گئیں۔

© rasailojaraid.c

## مکتبہ

قرآن اکیڈمی میں قائم مکتبہ سے استفادہ کی صورتِ حال ہر سال بہتر ہوتی جا رہی ہے۔ قرآن اکیڈمی کے علاوہ شہرِ کراچی میں جہاں بھی انجمن کے تحت کوئی دعوتی پروگرام ہو وہاں مکتبہ کی سہولیات فراہم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اس سال مکتبہ پر فروخت کے حوالے سے اعداد و شمار اس طرح رہے:

| | |
|---|---|
| آڈیو کیسٹس | 6,11,376 |
| ویڈیو کیسٹس | 1,82,715 |
| آڈیو کمپیوٹر کی ڈسکز | 1,37,123 |
| کتب | 4,82,258 |

© rasailojaraid.com

## کیسٹ کلب

محترم جناب ڈاکٹر اسرار احمد کا خطابِ جمعہ ایمان کی تازگی، دینی فکر کی پختگی، ہماری دینی مسائی کی پیش رفت اور قرآن و سنت کی روشنی میں حالات حاضرہ کے تجزیہ سے آگاہی کے لئے انتہائی مفید ہوتا ہے۔ انجمن خدّام القرآن سندھ کے تحت اگست 1998ء سے یہ سہولت فراہم کی گئی ہے کہ ہر ہفتے خطابِ جمعہ کا کیسٹ ممبران کے گھر تک پہنچایا جائے۔ کیسٹ کلب کی ممبر شپ 500 روپے سالانہ ہے، جو خاص حالات میں دو مساوی اقساط میں بھی ادا کی جاسکتی ہے۔ کیسٹ کلب کے ممبران انجمن کے تحت تیار کردہ دیگر خطابات و دروس کے کیسٹ بھی قیمتاً یا سننے کے لئے طلب کر سکتے ہیں۔ اس وقت کیسٹ کلب کے ممبران کی تعداد 200 سے زائد ہے۔

## ماہانہ درسِ قرآن

ہر ماہ کے پہلے اتوار کو صبح دس بجے مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی میں ایک دعوتی پروگرام منعقد ہوتا ہے۔ نگرانِ انجمن محترم جناب ڈاکٹر اسرار احمد قرآن کریم کی آخری سورتوں کا سلسلہ وار درس دے رہے ہیں۔ درسِ قرآن سے قبل دیگر مقررین

© rasailojaraid.com

اہم دینی موضوعات پر خطاب کرتے ہیں۔ درسِ قرآن کے بعد سوال و جواب کی نشست بھی منعقد ہوتی ہے۔

## چند قابلِ ذکر اُمور

### i) تعلیمی اداروں میں خدمات

اس سال چند تعلیمی اداروں کی طرف سے انجمن کو عربی گرامر کلاسز اور مختلف موضوعاتِ قرآنی پر لیکچرز کی دعوت دی گئی۔ ہمدرد یونیورسٹی میں عربی گرامر کی کلاسز کا انعقاد ہوا جس کی ذمہ داری جناب نوید امیر انصاری نے انجام دی۔ ضیاء الدین میڈیکل یونیورسٹی میں جناب انجینئرَ نوید احمد نے ہفتہ وار **10** لیکچرز دیئے۔ آئی بی اے کراچی میں جناب انجینئرَ نوید احسن نے "اُمت مسلمہ کے لئے لائحہ عمل" کے موضوع پر لیکچر دیا۔ جناب شجاع الدین شیخ نے آئی بی اے سکھر میں بزبانِ انگریزی ایک لیکچر دیا۔

### ii) انٹرنیٹ پر لیکچرز

www.paltalk.com پر بروز ہفتہ رات **11** بجے درسِ قرآن / لیکچر اور سوال و جواب کی نشست کا انعقاد ہوتا ہے جس کی ذمہ داری جناب انجینئرَ نوید احمد، جناب اعجاز لطیف اور جناب شجاع الدین شیخ ادا کرتے ہیں۔ مزید برآں اسی ویب سائیٹ پر نگرانِ انجمن کے ہر ماہ کے پہلے اتوار کو ہونے والے درسِ قرآن کو بھی نشر کیا جاتا ہے۔

## ذیلی مراکز

**1-** قرآن مرکز کورنگی: الحمدللہ قرآن مرکز کورنگی، انجمن خدّام القرآن سندھ کا پہلا ذیلی مرکز ہے۔ اس کے قیام کا فیصلہ **1990**ء میں کیا گیا۔ **1993**ء میں **1200** مربع گز کا پلاٹ اس مرکز کے لئے فراہم ہوا۔ **1995**ء میں یہاں مردوں کے شعبہ کا آغاز ہوا جبکہ **2000**ء میں خواتین کے شعبے نے کام شروع کیا۔ اس مرکز میں انجام

© rasailojaraid.

دی جانے والی سرگرمیوں کا اجمالی خاکہ حسبِ ذیل ہے:

## i) بچوں کے لئے سرگرمیاں

☆ ناظرہ قرآن حکیم کی تعلیم: 100 بچے

☆ بچوں کے لئے خصوصی تربیتی کلاس: 25 بچے

☆ سالانہ جلسہ کا انعقاد: اس جلسہ میں قرآن حکیم کی تکمیل کرنے والے بچوں کو اسناد دی جاتی ہیں۔

## ii) مردوں کی سرگرمیاں

☆ ہفتہ وار درس قرآن: 40 شرکاء

☆ عربی گرامر کلاسز: 8 شرکاء

☆ سمر کورس: 15 شرکاء

☆ دورۂ ترجمۂ قرآن: 40 تا 60 شرکاء

☆ اعتکاف کے دوران خصوصی تربیتی پروگرام 40 شرکاء

☆ مردوں کے شعبہ میں تعمیراتی کام آخری مراحل میں ہے۔ اس میں ایک بڑے ہال، وضو و طہارت خانہ، جنریٹر روم، ناظمِ تدریس اور چوکیدار کی رہائش گاہیں، اسٹور اور زیرِ زمین واٹر ٹینک کی تعمیر شامل ہے۔

## iii) خواتین کے لئے سرگرمیاں

☆ ناظرہ قرآن حکیم کی تعلیم: 90 بچیاں

☆ تجوید کی کلاس: 25 شرکاء

☆ عربی گرامر کلاس: 5 تا 10 شرکاء

☆ ماہانہ درس قرآن: 100 شرکاء

☆ رمضان المبارک کے دوران ترجمۂ قرآن: 50 شرکاء

☆ اس سال شعبۂ خواتین میں تعمیرات کا کام مکمل ہوا اور اب مختلف تعلیمی و تدریسی امور

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

کے لئے پہلے کے مقابلے میں گنجائش دوگنا ہو چکی ہے۔

2- قرآن اکیڈمی، یاسین آباد: اپریل 2001ء میں یاسین آباد میں قرآن اکیڈمی کے قیام کے لئے ایک صاحبِ خیر کی طرف سے 2000 مربع گز کا پلاٹ حاصل ہوا تھا۔ 5 مئی 2001ء کو نگران انجمن نے اس پلاٹ پر افتتاحی خطاب فرمایا۔ ماہِ رمضان المبارک میں جناب انجینئر نوید احمد نے دورۂ ترجمۂ قرآن کی سعادت حاصل کی۔ ماہِ رمضان کے بعد حضرات وخواتین کے لئے عربی گرامر اور منتخب نصاب کی علیحدہ علیحدہ کلاسز کا انعقاد کیا گیا۔ مردوں کے لئے ہفتہ وار درس قرآن کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ ماہ ستمبر میں پانچ روزہ تفہیم دین کورس بھی منعقد کیا گیا۔ ان شاء اللہ اس اکیڈمی کا تعمیراتی کام سرکاری اداروں میں قانونی ضوابط کی تکمیل کے بعد جلد شروع کر دیا جائے گا۔

## معمول کی سرگرمیاں

i) مجلس عامہ کا پندرھواں سالانہ اجلاس 21 اکتوبر 2001ء کو منعقد ہوا۔

ii) دورانِ سال مجلس عاملہ کے ماہانہ اور مجلس شوریٰ کے سہ ماہی اجلاس باقاعدگی سے منعقد ہوتے رہے۔

iii) مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی میں خطاب جمعہ کی ذمہ داری صدر انجمن جناب زین العابدین جواد ادا کر رہے ہیں۔ عربی خطبہ اور نماز کی امامت کے فرائض امام مسجد جناب قاری طاہر عبداللہ صدیقی انجام دے رہے ہیں۔

iv) مسجد جامع القرآن میں عیدین کے اجتماعات سے خطاب اور نماز کی امامت کی ذمہ داری حسب سابق اکیڈمک ڈائریکٹر جناب انجینئر نوید احمد نے ادا کی۔

v) مسجد جامع القران میں ہر جمعہ اور خصوصی پروگراموں کے دوران مکتبہ لگایا جاتا رہا۔

## آئندہ کے منصوبے

i) عنقریب قرآن اکیڈمی، یاسین آباد کی تعمیر کا کام شروع ہو جائے گا (ان شاء اللہ) اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پوری توقع ہے کہ انجمن کے وابستگان اس حوالے سے

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

بھرپور تعاون فرما کر عنداللہ ماجور ہوں گے۔

ii) قرآن اکیڈمی کے تمام شعبہ جات کو ''نیٹ ورکنگ'' کے ذریعے لنک کر دیا جائے گا تاکہ ریکارڈ شیئرنگ اور پرنٹنگ کے کام میں سہولت ہو سکے۔

iii) منتخب نصاب کے حصہ دوم اور سوم کے نوٹس کی کمپوزنگ مکمل ہو چکی ہے۔ انہیں عنقریب کتابی صورت میں شائع کر دیا جائے گا۔ بقیہ حصوں کے نوٹس بھی جلد تیار کر لئے جائیں گے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# انجمن خدام القرآن ملتان

## دورۂ ترجمۂ قرآن

دورۂ ترجمۂ قرآن جب سے قرآن اکیڈمی تعمیر ہوئی ہے مسلسل ہو رہا ہے۔ حسب روایت اس سال بھی یہ پروگرام منعقد ہوا۔ یہ سعادت راقم الحروف کے حصہ میں آئی۔ عشاء کی نماز 7:45 پر ہوتی تھی۔ بارہ رکعتوں کے بعد چائے کا وقفہ ہوتا تھا۔ جس میں سامعین کی خدمت میں چائے بسکٹ پیش کیے جاتے رہے۔ اوسطاً حاضری مرد حضرات 120/125 کے ساتھ ساتھ 30/35 خواتین نے استفادہ کیا۔ 29 ویں شب کی رات کو اختتام ہوا۔ جس میں 400 افراد نے شرکت کی۔ اور 40 افراد نے اعتکاف مکمل کیا۔

© rasailojaraid

## عربی کلاس برائے مرد حضرات

رمضان المبارک 2001ء کے فوراً بعد عربی گرامر کلاس شروع کی گئی۔ جس میں معلم کی ذمہ داری پروفیسر ریاض الرحمان صاحب نے ادا کی۔ 6 ماہ یہ کلاس جاری رہی۔ تقریباً 12 افراد نے بنیادی عربی سیکھی اور امتحان دیا۔

## اقرأ سکول

بنیادی طور پر یہ ان بچوں کے لئے سکول ہے جن کے والدین مہنگائی کے اس دور میں تعلیمی اخراجات برداشت کرنے سے قاصر ہیں۔ اس سکول کا باقاعدہ ایک Network ہے۔ اور ہر ماہ اس کی Inspection ہوتی ہے۔ اس وقت بچوں کی تعداد 20 ہے جو کہ فروری 03ء میں پرائمری کا امتحان دیں گے۔ دوران سال سکول کے لئے ڈیسک اور کمروں کو پینٹ کروایا گیا۔

© rasailojaraid

## شعبۂ حفظ

دورانِ سال یہ شعبہ اپنی کارکردگی کے حوالے سے بہت ہی اچھا رہا ہے۔ اس کے دو سیشن ہیں۔ اس کے انچارج جناب قاری محمد شاہد صاحب ہیں۔ اس وقت بچوں کی تعداد باون (52) ہے۔ دورانِ سال 2 بچوں نے قرآن مجید حفظ کرنے کی سعادت حاصل کی۔ یہاں قرآن اکیڈمی کا ماحول دیکھ کر پڑھے لکھے حضرات اپنے بچوں کو داخل کروانے کے خواہش مند ہوتے ہیں۔

## شعبۂ تجوید

دورانِ سال یہ شعبہ بھی باقاعدگی سے جاری رہا۔ اس شعبہ کے انچارج جناب قاری محمد عثمان صاحب ہیں۔ دوران سال 8 بچوں نے مکمل ناظرۂ قرآن مجید پڑھا۔

© rasailojaraid.

## محترم ڈاکٹر اسرار احمد کا دورۂ ملتان

مؤرخہ 27 /اکتوبر بروز ہفتہ امیر تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمد ملتان تشریف لائے۔ تشہیر کا مناسب بندوبست کیا گیا۔ انہوں نے بعد نماز عشاء ''موجودہ عالمی بحران اور ہماری ذمہ داریاں'' کے موضوع پر خطاب فرمایا۔ 600 مرد حضرات کے ساتھ ساتھ 50 خواتین نے بھی شرکت کی۔ دو گھنٹے تک پروگرام جاری رہا۔

## پندرہ روزہ تربیت گاہ

مؤرخہ 24 جون تا 9 جولائی 02ء پندرہ روزہ قرآنی تربیت گاہ کا انعقاد ہوا۔ جس میں شریعت اسلامیہ کے ماخذ' درسِ حدیث' منتخب نصاب' تحریکی لٹریچر اور اقبالیات کے مضامین پڑھائے گئے۔ 10 افراد نے شرکت کی۔

## سود کے بارے میں لیکچر

مؤرخہ 30 جون بروز جمعرات مغرب تا عشاء رضا ہال ضلع کچہری میں Interest Free Bank کے موضوع پر لیکچر کا آغاز کیا گیا' جس میں مقرر کے

© rasailojaraid.

فرائض جناب ڈاکٹر طاہر ابرار صاحب (صادق آباد) نے ادا کیئے۔ انہوں نے سود کی حرمت اور اسلامی بینکاری کے موضوع پر سیر حاصل گفتگو فرمائی۔ تقریباً 400 افراد نے شرکت کی' جن میں زیادہ تر بینکار' وکلاء اور سرکاری افسران شامل تھے۔

## حلقہ ہائے دروسِ قرآنی

دورانِ سال مختلف مقامات پر ماہانہ اور پندرہ روزہ دروسِ قرآن دیئے گئے' جن میں مدرسین کی ذمہ داری راقم الحروف کے علاوہ سعید اظہر عاصم' محمد سلیم اختر' پروفیسر محمود الٰہی صاحب نے ادا کی۔ جن مقامات پر دروس قرآن دیئے گئے ان میں سے چند کے نام درج ذیل ہیں:

بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی' خان ویلج' قرآن اکیڈمی نیوملتان' عثمان آباد۔

© rasailojaraid.c

## ترجمہ وتفسیر قرآن کلاس

اس کلاس کو شروع کیئے ہوئے تقریباً ڈیڑھ سال ہو گیا ہے۔ شرکاء کی تعداد 35 مرد اور 8 خواتین ہیں۔ کلاس کی تعداد ابتداء میں 80 سے تجاوز کر گئی تھی۔

## لائبریری وشعبۂ سمع وبصر

اس سال باقاعدگی سے اجتماعات پر کتب کا سٹال لگایا گیا۔ شعبۂ سمع وبصر نے اپنی معمول کی ذمہ داریوں کے ساتھ خطبات' دورۂ ترجمۂ قرآن کے علاوہ دیگر لیکچرز کی ریکارڈنگ بھی بروقت کی۔

## تعمیرات

دورانِ سال ناظم مالیات کے لئے ایک رہائش گاہ تعمیر کی گئی۔ اس کے علاوہ کچن' نیا مہمان خانہ' وضوگاہ' باتھ رومز بھی تعمیر کیئے گئے' جس پر سردست تقریباً آٹھ لاکھ خرچ ہو چکے ہیں اور ابھی مزید تعمیر باقی ہے۔

© rasailojaraid.c

# حلقۂ خواتین

## ماہانہ درسِ قرآن

ہر انگریزی ماہ کے پہلے سوموار کو خواتین کا ماہانہ عمومی اجتماع باقاعدگی سے ہوتا رہا۔ جس میں مدرّسہ کے فرائض پروفیسر صغریٰ خاکوانی صاحبہ ادا کرتی ہیں جبکہ بقیہ تین سوموار تنظیم میں شامل خواتین کے تربیتی پروگرام جاری رہے۔

## تجویدالقرآن

دورانِ سال خواتین کے لئے تجوید کی کلاس باقاعدگی سے جاری رہی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# انجمن خدام القرآن فیصل آباد

انجمن خدام القرآن فیصل آباد کے تاحیات صدر ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب زیادہ عرصہ بیرون ملک رہے۔ تاہم ان کی غیر موجودگی میں قائم مقام صدر خواجہ محمود اختر صاحب کی نگرانی میں انجمن کی سرگرمیاں جاری رہیں جو درج ذیل ہیں:

## درسِ قرآن

انجمن کے تحت تین پروگرام ہفتہ وار بنیادوں پر مستقل طور پر جاری رہے۔ جن میں مختلف رفقاء تنظیم اور دیگر احباب نے بطورِ مدرّس ذمہ داری نبھائی' خاص طور پر قرآن مجید کی آخری منزل کا سلسلہ وار درس کافی کامیاب ثابت ہوا۔

## دورۂ ترجمۂ قرآن

ہر رمضان المبارک کے دوران انجمن تراویح کے ساتھ ساتھ ترجمہ اور مختصراً تشریح کا اہتمام کرتی ہے' تاکہ لوگوں کو کتاب اللہ کے پیغام تک رسائی حاصل ہو۔ اس سال یہ پروگرام تین مختلف مقامات پر مکمل کیا گیا۔

## جرائد کا اجراء

دفتر انجمن کے توسط سے دورانِ سال مختلف افراد کے نام میثاق 06' حکمت قرآن 01' اور ندائے خلافت 01 جاری کیے گئے۔ اس کے علاوہ انجمن کے اکاؤنٹ سے تمام اراکین انجمن کے لئے اعزازی طور پر حکمت قرآن ہر ماہ بھجوانے کا بندوبست کیا گیا۔

## مکتبہ

انجمن [illegible] مکتبہ بھی ترتیب دے رکھا ہے' جس سے اس سال 16897/-

© rasailojaraid.com

روپے کی کتب اور CDs فروخت ہوئی ہیں۔ علاوہ ازیں چونکہ مکتبہ میں آڈیو کیسٹ ریکارڈنگ کا انتظام بھی ہے لہٰذا تقریباً چار ہزار کیسٹس تیار کر کے دی گئیں۔

## ممبر شپ میں اضافہ

حلقہ محسنین سے میاں محمد اسلم صاحب وفات پا گئے اور ڈاکٹر ریاض احمد خاں صاحب نے معذرت کر لی' جبکہ دو مزید حضرات شامل ہوئے۔ حلقہ کے مستقل ارکان میں 02 'اور عام ارکان میں 10 افراد کا اضافہ ہوا۔

## تقسیم الکتاب

انجمن [illegible] سے حسب معمول ''الکتاب'' کی تقسیم جاری رہی۔ اس طرح کل 94 نسخے دیئے گئے' بغرضِ اعانت 16 عدد اور انعامی سکیم کے تحت 78 عدد۔

## زیرتعمیر مسجد قرآن اکیڈمی

مسجد کی تعمیر کا کام مسلسل ہو رہا ہے۔ ان شاء اللہ آئندہ ماہ نومبر تک فیز I مکمل ہو جائے گا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# انجمن خدام القرآن سرگودھا

سرگودھا میں انجمن کی سرگرمیوں کا مرکز مسجد جامع القرآن ہے جو سیٹلائٹ ٹاؤن مین روڈ پر تیرہ مرلے کی کمرشل جگہ خرید کر بنائی گئی' جبکہ مسجد کے اندر ایک لائبریری قائم کر دی گئی ہے۔ اس سال انجمن کی سرگرمیوں کی تفصیل یہ ہے:

## دورۂ ترجمۂ قرآن

© rasailojaraid.com

ا) مسجد جامع القرآن میں دورۂ ترجمۂ قرآن کی ذمہ راقم الحروف نے ادا کی اور حاضری 25 سے 30 کے درمیان رہی۔

ب) مسجد خیابان صادق میں دورۂ ترجمۂ قرآن کی ذمہ داری جناب محمد اسلم صاحب نے ادا کی۔ یہاں ترجمہ نمازِ تراویح کے بعد بیان کیا جاتا تھا۔

## دروسِ قرآنِ کریم

ا) مسجد جامع القرآن میں روزانہ صبح نماز فجر کے بعد ترتیب سے درسِ قرآن ہو رہا ہے۔ اس سال سورۃ البقرۃ کی سوا دو سو آیات کا مطالعہ کیا گیا۔ یہ ذمہ داری راقم الحروف نے ادا کی۔

ب) مسجد نور میں ملک خدا بخش صاحب درسِ قرآن دیتے ہیں۔

## فہم دین لیکچرز

ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ میں پرنسپل صاحب کی درخواست پر فہم دین کے لئے مختلف قرآنی موضوعات پر لیکچرز کا اہتمام کیا گیا۔ سٹاف اور طلبہ کی کثیر تعداد نے اس میں شرکت کی۔ ان طلبہ میں سے بعض نے پھر اپنے محلے میں نوجوانوں کو اکٹھا کر کے ان لیکچرز کو سنا۔ یہ ذمہ داری راقم الحروف نے ادا کی۔

© rasailojaraid.com

## مسجد فاروق اعظم میں دعوتی پروگرام

نیو سیٹلائٹ ٹاؤن کی اس عظیم الشان مسجد میں دو پروگرام کئے گئے۔ یہاں بھی حالاتِ حاضرہ کے حوالہ سے قرآنی راہنمائی کی اہمیت پر بیان ہوئے۔

## لائبریری

مسجد جامع القرآن میں قائم لائبریری روزانہ تین گھنٹے کے لئے کھلتی ہے۔ یہاں ڈاکٹر اسرار صاحب کی ساری کتب اور کیسٹس کے علاوہ دیگر تفاسیر و کتب رکھنے کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔

## مکتبہ

© rasailojaraid.com

مختلف مساجد میں نماز جمعہ کے بعد مکتبہ لگایا گیا۔ اس سے لوگوں نے استفادہ کیا۔

## لٹریچر کی تقسیم

کثیر تعداد میں ''مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق'' نامی کتابچہ چھپوا کر تقسیم کیا گیا۔

© rasailojaraid.com

# انجمن خدام القرآن جھنگ

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے سالانہ اجتماع کے موقع پر انجمن خدام القرآن جھنگ کی یہ پہلی رونمائی ہے۔ انجمن ہذا کا قیام نومبر 98ء میں عمل میں آیا تھا تاہم اس کی رجسٹریشن میں حکومتی پابندی کی وجہ سے تاخیر ہوتی رہی' اس لئے اس کی سرگرمیاں زیادہ نمایاں نہیں ہوسکیں۔ گزشتہ سال ضلعی حکومتوں کے قیام سے سوسائٹیز کی رجسٹریشن کا اختیار بھی ضلع کی سطح پر آ گیا۔ مقامی سطح پر کوشش کر کے احباب کے تعاون سے انجمن کی سرگرمیوں میں بھی تیزی آئی اور بالآخر رجسٹریشن کا مرحلہ بھی اواخر مئی 02ء میں عمل میں آ گیا' الحمد للہ علیٰ ذالک۔

آغاز سے ہی عربی کلاسوں کا اجراء' دروسِ قرآن' قرآنی موضوعات پر سیمینار اور خطابات کا سلسلہ جاری رہا' تاہم نومبر 01ء کے بعد اس میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے جس کے بارے میں مختصر رپورٹ پیش خدمت ہے۔

## الہدیٰ لائبریری کا قیام

الحمد للہ قرآنی فکر اور دعوت الی القرآن کے فروغ کے لئے جھنگ میں معروف جگہ پر الہدیٰ لائبریری کا قیام عمل میں لایا گیا جس میں تفاسیر' کتب احادیث' سیرتِ صحابہؓ پر کتب کے علاوہ عام دینی موضوعات پر بھی کتب دستیاب ہیں۔ نیز آڈیو ویڈیو کیسٹس اور CD's بھی میسر ہیں۔ کافی لوگ اس لائبریری سے روزانہ استفادہ کرتے ہیں۔

## قرآن اکیڈمی

انجمن ہذا کے لئے مرکز ''قرآن اکیڈمی'' کا تعارفی بروشر شائع کیا گیا اور اہل علم تک پہنچایا گیا۔ جس کے نتیجے میں مارچ میں انجمن کے لئے دو کنال اراضی خریدی گئی اور مئی میں ملحقہ دو کنال کا دوسرا پلاٹ بھی خرید لیا گیا اور انجمن کے نام یہ اراضی منتقل

© rasailojaraid.com

ہو چکی ہے۔ ملحقہ تیسرا دو کنال کا پلاٹ بھی خریدنے کے انتظامات مکمل ہیں۔ یہ جگہ شہر سے متصل باہر ایک بہترین کالونی میں خریدی گئی ہے۔ اب نقشہ کی تیاری کے بعد 21 اکتوبر 02ء کو منظوری کا مرحلہ بھی طے ہو گیا ہے۔ امید ہے کہ احباب کے تعاون سے تعمیر کا مرحلہ بھی جلد شروع ہو جائے گا۔

## دورۂ ترجمۂ قرآن

گزشتہ رمضان المبارک میں حسب سابق تراویح کے بعد پورے قرآن مجید کا ترجمہ کیا گیا۔ حاضری عام دنوں میں تقریباً ایک سو افراد اور آخری عشرے میں دو صد سے متجاوز تھی۔

## عربی کلاسیں

© rasailojaraid.com

دوران سال تین جگہ عربی کلاسوں کا اجراء ہوا اور کامیابی سے تکمیل پذیر ہوئیں جن سے 55 افراد نے استفادہ کیا۔

انجمن ہذا کو اب تک کل آمدنی ساڑھے آٹھ لاکھ روپے ہوئی جو مختلف مدّات میں خرچ ہوئی۔

© rasailojaraid.com

# انجمن خدام القرآن اسلام آباد

انجمن خدام القرآن راولپنڈی اسلام آباد کے کل اراکین کی تعداد 55 ہے۔ دو اراکین نقل مکانی کر کے بیرون ملک جا چکے ہیں۔ اس کا صدر دفتر ملوڈی مارکیٹ میں ہے۔ انجمن کے ماہانہ اجلاس جو کچھ عرصہ قبل تعطل کا شکار تھے اب باقاعدگی سے ہو رہے ہیں۔ اس سال انجمن کے زیر اہتمام عظمت ثاقب صاحب کے مکان واقع F-10 میں دورہ ترجمہ قرآن ہوا اور ماہ اگست 2002ء میں ایک ماہ کے لئے تفہیم دین کورس منعقد کیا گیا جس میں شرکاء کی تعداد 25 تا 35 افراد پر مشتمل تھی۔ انجمن کے زیر اہتمام مندرجہ ذیل چھ مقامات پر مطالعہ ہائے قرآن حکیم کا پروگرام شروع کیا گیا ہے:

(1) بر مکان مرزا نعیم بیگ گرڈ سٹیشن بھارہ کہو۔

(2) بر مکان ریاض حسین G/9-1 اسلام آباد

(3) بر مکان عبدالغفور فیصل کالونی راولپنڈی

(4) بر مکان محمد شمیم دفتر مسلم ٹاؤن راولپنڈی

(5) بر مکان محمد وقاص I/8 اسلام آباد

(6) مسجد آفیسرز کالونی قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد

© rasailojaraid.c

© rasailojaraid.c

# انجمن خدام القرآن سرحد‘ پشاور

انجمن خدام القرآن کے قیام کا مقصد قرآن حکیم کے علم و حکمت کی وسیع پیمانے پر تشہیر و اشاعت ہے‘ تاکہ اُمت مسلمہ کے فہیم عناصر میں تجدید ایمان کی ایک عمومی تحریک برپا کی جاسکے‘ اور اس طرح عالمی سطح پر اسلام کی نشاۃ ثانیہ اور غلبہ دین حق کے دور ثانی کی راہ ہموار ہو سکے۔ اس مقصد کے حصول کے لئے انجمن خدام القرآن سرحد (پشاور) حتی المقدور کوشش کر رہی ہے۔

(i) انجمن خدام القرآن کی سندھ برانچ نے ایک کتاب ’’سود‘ حرمت‘ خباثتیں‘ اشکالات‘‘ چھاپی ہے۔ اس کو کراچی سے منگوا کر ہم تقسیم کر رہے ہیں۔

(ii) انجمن خدام القرآن سرحد کے زیر اہتمام ماہ رمضان میں دورۂ ترجمہ قرآن کا پروگرام ترتیب دیا گیا اور رفیق تنظیم حافظ روح الامین کی ذمہ داری لگائی گئی کہ وہ یہ فریضہ سرانجام دیں۔ الحمد للہ کہ انہوں نے یہ ذمہ داری بڑی خوش اسلوبی سے نبھائی۔ یہ پروگرام راقم کے گھر پر ہوا جس میں شرکاء کی تعداد 10 تا 15 ہوتی تھی۔

(iii) جولائی اور اگست کے مہینوں میں انجمن کے تعاون سے میاندم (سوات) کے مقام پر مبتدی اور ملتزم رفقاء کے لئے تربیتی کورسز کا اہتمام کیا گیا۔

(iv) "Islam on Internet" نامی پمفلٹ کو 3 ہزار کی تعداد میں چھپوا کر پاکستان میں انجمن کی تمام شاخوں اور مقامی طور پر لوگوں میں تقسیم کیا گیا۔

## صدر مؤسس مرکزی انجمن کا دورۂ سرحد:

یہ سال انجمن خدام القرآن سرحد کے لئے نہایت خوش بختی اور سعادت کا سال ثابت ہوا کہ اس دوران اسے صدر مؤسس جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی میزبانی کی سعادت نصیب ہوئی۔ ڈاکٹر صاحب پانچ مرتبہ صوبہ سرحد تشریف لائے۔ مردان

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

میں خطاب کے علاوہ پشاور کے نشتر ہال میں 11/ مارچ 02ءکو ''قرآن اور امن عالم'' کے موضوع پر خطاب فرمایا۔ جس میں سامعین کی تعداد تقریباً 400 تھی۔ 14/ مئی 02ءکو ''اسلامی نظام حیات کے خدوخال'' کے موضوع پر مفصل خطاب فرمایا جس میں حاضرین کی تعداد ساڑھے تین سو کے لگ بھگ تھی۔ اس پروگرام میں ''اسلامی نظام حیات کے خدوخال'' والے پمفلٹ اور کارڈز بڑی تعداد میں تقسیم کیے گئے اور قیمتاً بھی دیئے گئے۔

ڈاکٹر صاحب نے 10/ جون 02ءکو پریس کلب پشاور میں ''پاکستان کے بچاؤ کا واحد راستہ'' کے موضوع پر تقریباً 200 سامعین کو خطاب فرمایا۔

19/ اگست 02ءکو نشتر ہال پشاور میں ''ختم نبوت کے دو مفہوم'' کے موضوع پر مفصل خطاب فرمایا۔ جس میں تقریباً 300 کے لگ بھگ سامعین نے شرکت کی۔

ان تمام خطابات کے دوران ہال کے باہر مکتبہ لگایا گیا جس میں ڈاکٹر صاحب کی تصنیفات اور سی ڈیز رکھی گئی تھیں۔ لوگوں کی کثیر تعداد نے ان سے استفادہ کیا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.co